Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | بدھ، 11 اکتوبر 2023ء، 24 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 163

وزیراعلیٰ کا ایک اور عوام دوست فیصلہ — اسلام آباد اور راولپنڈی میٹرو بس سروس کیلئے الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

میٹرو بس اور سپیڈو بس سروس کے کرائے میں 15 روپے اضافے کی سمری مسترد، لاہور میں پائلٹ پراجیکٹ کے تحت 27 الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی

راولپنڈی اور لاہور میں میٹرو بس ٹریک کی تعمیر و مرمت کا حکم وزیراعلیٰ کا الیکٹرک بس سروس کیلئے فوری اقدامات کا حکم، پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی میں انسانی وسائل کی کمی کو پورا کرنے کی منظوری

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے وزیراعظم کی معاون خصوصی مشعال ملک ملاقات کر رہی ہیں

لاہور (آئی آئی پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا ایک اور عوام دوست فیصلہ۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے میٹرو بس اور سپیڈو بس سروس کے کرائے میں 15 روپے اضافے کی سمری مسترد کر دی۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے اجلاس میں کرائے میں اضافے کی سمری پیش کی گئی تھی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ ریونیو میں اضافے کیلئے نئے اور منفرد انداز سے کام (بقیہ نمبر 33)

نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے دبئی سے خصوصی طیارہ بک کرا لیا گیا

نواز شریف جس خصوصی پرواز سے پاکستان پہنچیں گے اسے امید پاکستان کا نام دیا جائے گا

سپیشل فلائٹ میں تقریباً 150 افراد کی گنجائش ہے، ذرائع

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے دبئی سے اسپیشل طیارہ بک کرائے جانے کی تصدیق ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف جس خصوصی پرواز سے پاکستان پہنچیں گے اسے امید پاکستان کا نام دیا جائے گا (بقیہ نمبر 34)

سرکاری ہسپتالوں کی فزیبلٹی رپورٹ تیار کر رہے ہیں، وزراء صحت

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات، ایچ آر، انتظامی امور اور ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) نگران صوبائی وزراء صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر کی زیر صدارت محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن (بقیہ نمبر 37)

میجر رضا علی شاہ شہید اور حوالدار نثار احمد شہید کی نماز جنازہ ادا

پاک فوج کے بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے علاقے ژوب میں دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں شہید ہونے والے میجر رضا علی شاہ اور حوالدار نثار احمد کی نماز جنازہ فوجی اعزازات کے ساتھ انکے آبائی (بقیہ نمبر 36)

آئی ایم ایف کا یوٹیلیٹی اسٹورز کی نجکاری کا مطالبہ

یوٹیلیٹی اسٹورز کو نجی شعبے کے حوالے کیا جائے اور بی آئی ایس پی بجٹ بڑھایا جائے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (آئی آئی پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے نئی الحال جواب نہیں دیا۔ تفصیلات کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے یوٹیلیٹی اسٹورز کی نجکاری کا مطالبہ کر دیا تاہم نگران حکومت نے یوٹیلیٹی (بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم — اشیاء اور کرنسی اسمگلنگ سے ملکی وجود کو خطرہ ہے

مقامی حکام کی ملی بھگت سے اسمگل شدہ ایرانی تیل کی 27 ہزار گاڑیاں روزانہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہو رہی تھیں۔ ان گاڑیوں کے داخلے کے لئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو سوا لاکھ سے ڈیڑھ لاکھ روپے فی گاڑی رشوت دی جا رہی تھی

سپیشل سرمایہ کاری سہولت کونسل فولڈ میں نئے علاقوں کو لانے کے لیے ابھی تک کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا ہے۔ قانون کے مطابق سپیشل سرمایہ کاری سہولت کونسل ان شعبوں میں سرمایہ کاری اور تجارت کی سہولت فراہم کرے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ اسمگلنگ اور غیر ملکی کرنسی کی غیر قانونی تجارت پاکستان کے وجود کے لیے خطرہ ہے۔ سینئر صحافیوں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے انکشاف کیا کہ مقامی حکام کی ملی بھگت سے اسمگل شدہ ایرانی تیل کی 27 ہزار گاڑیاں روزانہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہو رہی تھیں۔ ان گاڑیوں کے داخلے کے لئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو سوا لاکھ سے ڈیڑھ لاکھ روپے فی گاڑی رشوت دی جا رہی تھی۔ ڈپٹی کمشنر اسمگلنگ میں کردار ادا کرنے والوں کو (بقیہ نمبر 40)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردانہ ملاقات کر رہے ہیں

نگران وزیراعظم انوار الحق، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کو کوئٹہ ایئرپورٹ سے باہر آتے ہوئے

نواز شریف کی واپسی پر گرفتاری کا کوئی چانس نہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ نواز شریف کی واپسی پر گرفتاری کا کوئی چانس نہیں۔ نجی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 39)

نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی سے فرح عظیم شاہ کی ملاقات

صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات یقینی بنائیں گے، مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی سے سابق رکن صوبائی اسمبلی، سابق ترجمان بلوچستان حکومت اور سینئر سیاستدان فرح عظیم شاہ نے ملاقات کی جس میں انتخابات سمیت بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر نگران وزیر اطلاعات نے کہا کہ پرامن اور سازگار ماحول میں صاف، (بقیہ نمبر 38)

ہمیں گفتار کے غازی نہیں بلکہ کردار کے غازی درکار ہیں: انیق احمد وزیر مذہبی امور

قرآن کریم کا حکم ہے کہ جو رسول تمہیں دیں لے لو اور جس سے روک دیں رُک جاؤ، سیرت طیبہ کی جھلک ہمارے کردار میں نظر آنی چاہئے

وزیر مذہبی امور انیق احمد کا نیب کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نگران وزیر مذہبی امور انیق احمد نے کہا ہے کہ ہمیں گفتار کے غازی نہیں بلکہ کردار کے غازی درکار ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کے روز قومی احتساب بیورو کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس سے خطاب کے موقع پر کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ وطن سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔ قوموں کی زندگی میں آزمائشیں آتی ہیں لیکن مومن مایوس نہیں ہوتا۔ سیرت کی پہلی کتاب قرآن کریم ہے (بقیہ نمبر 43)

وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد قومی احتساب بیورو کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

تمام سیاسی رہنماؤں کو الیکشن کے یکساں مواقع دیئے جائیں، صدر

تمام سیاسی رہنماں کو الیکشن کے یکساں مواقع دیے جائیں، درگزر کا راستہ نکالا جائے، صدر

اگر لوگ اپنی پسند کے لیڈر منتخب نہ کر سکیں تو جمہوریت بے معنی ہو جاتی ہے، سینیٹر محمد علی درانی سے ملاقات

اسلام آباد (پیناینوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے زور دیا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کی قیادت کو الیکشن میں حصہ لینے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ عارف علوی سے سابق وفاقی وزیر اور سینیٹر محمد علی درانی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر مملکت نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ عام انتخابات آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور جامع ہونے چاہئیں، ملک میں جمہوریت (بقیہ نمبر 41)

دو ماہ تک ہر بدھ کے روز کورونا طرز کے لاک ڈاؤن کا فیصلہ

آئندہ ہفتے سے ہر بدھ کو مارکیٹس، سکولز، سرکاری و نجی ادارے بند رہیں گے

کمشنر لاہور کی زیر صدارت خصوصی اجلاس لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اسموگ کے تدارک کے لیے دو ماہ تک ہر بدھ کے روز کورونا طرز کے لاک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا، آئندہ ہفتے سے ہر بدھ کو مارکیٹس، سکولز، سرکاری و نجی ادارے بند رہیں گے اور ورک فرام ہوم ہو گا۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت تدارک سموگ کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا جس میں سی سی پی او لاہور اور شہر کی بڑی مارکیٹس کے تاجر رہنماؤں نے (بقیہ نمبر 42)

کروڑوں مالیت کے سامان سے بھرے 9 ٹرک پکڑے گئے

اسمگلرز اور ان کے سرپرستوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے، ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس لاہور

لاہور (اے ایف پی) کسٹمز انٹیلی جنس لاہور نے اسمگلرز کیخلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے 22 کروڑ روپے مالیت کے اسمگل شدہ سگریٹ، چھالیہ اور (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، پینشن رولز میں ترمیم کے خلاف سرکاری ملازمین اور اساتذہ احتجاج کر رہے ہیں

سونے کے ریٹ انٹربینک کے ساتھ منسلک کرنے کا اعلان

سونے کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے صرافہ ایسوسی ایشن کا اہم فیصلہ

کراچی (اے ایف پی) صرافہ ایسوسی ایشن نے سونے کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے اہم فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کراچی کے صرافہ بازار میں سونے کی قیمتوں کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں بلین کے نمائندوں سمیت (بقیہ نمبر 55)

ایف ایف سی کا بہترین ESG رپورٹنگ کے اعزاز کا حصول

فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ 20 ویں سالانہ ایسیلینس ایوارڈز کی تقریب میں "بہترین ESG رپورٹنگ ایوارڈ" سے نوازا گیا

کمپنی سیکرٹری نے ایف ایف سی کی جانب سے ایوارڈ وصول کیا جو کمپنی کو بہترین ESG طریقوں کے نفاذ کے اعتراف میں دیا گیا

یہ ایوارڈ عالمی ESG کے نفاذ کے مشن کے ساتھ ہماری مسلسل وابستگی کے ساتھ بین الاقوامی ESG انکشاف فریم ورک کی تعمیل کا منہ بولتا ثبوت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (FFC) کو کراچی میں CFA سوسائٹی پاکستان کے زیر اہتمام 20 ویں سالانہ ایسیلینس ایوارڈز کی تقریب میں "بہترین ESG رپورٹنگ ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ ایف ایف سی کی نمائندگی کمپنی سیکریٹری، بریگیڈیئر عرفان خان (ریٹائرڈ) اور منیجر کارپوریٹ افیئرز، سید عمران رضوی نے کی۔ کمپنی سیکرٹری نے ایف (بقیہ نمبر 49)

فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ FFC کو 20 ویں سالانہ ایسیلینس ایوارڈ دیا جا رہا ہے

اسرائیل کی غزہ پر بمباری؛ 140 بچوں سمیت شہدا کی تعداد 700 سے متجاوز

تل ابیب (پیناینوز) حماس کے طوفان الاقصیٰ آپریشن میں اسرائیلی ہلاکتوں کی تعداد 900 ہو گئی جب کہ غزہ پر 4 روز سے جاری بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 700 سے تجاوز کر گئی جن میں 140 بچے بھی شامل ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعے اور ہفتے (بقیہ نمبر 54)

غزہ کا مکمل محاصرہ عالمی قانون کے تحت ممنوع ہے، اقوام متحدہ

اسرائیل کا غزہ کی پٹی کا مکمل محاصرہ جس سے شہری زندگی کی بقا کے لیے ضروری اشیا سے محروم ہو جائیں

لوگوں کے وقار اور جانوں کا احترام کیا جانا چاہیے، ہائی کمشنر اقوام متحدہ برائے انسانی حقوق

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے سربراہ نے کہا ہے کہ اسرائیل کا غزہ کی پٹی کا مکمل محاصرہ جس سے شہری زندگی کی بقا کے لیے ضروری اشیا سے محروم ہو جائیں، عالمی قانون کے تحت ممنوع ہے۔ انسانی حقوق کے لیے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر نے کہا کہ لوگوں کے وقار اور جانوں کا احترام کیا جانا چاہیے، انہوں نے تمام فریقوں سے کشیدگی کم کرنے کا مطالبہ کیا۔ فلسطینی گروپ (بقیہ نمبر 56)

جڑواں شہروں میں اشیائے خورد و نوش کی من مانی قیمتیں، عوام چیخ اٹھے

پھلوں، سبزیوں، آٹا، چینی، چاول، دالیں، گھی، پتی، مصالحے، پیکٹ دودھ اور دیگر کی سرکاری قیمتیں مقرر کرنے کا مطالبہ

قیمت پنجاب ایپ کو فروغ دیا جائے، چینی 90 بیس کلو آٹا 1700، چاول 150، دالیں 200 کی جائیں، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب حکومت اور جڑواں شہروں کی ضلعی انتظامیہ متعدد اقدامات کے دعوؤں کے باوجود اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کو کنٹرول کرنے میں کامیاب نظر نہیں آ رہے۔ سبزی، پھل، دالیں، آٹا، چینی، چاول اور گوشت سمیت دیگر ضروری اشیائے ضروریہ بدستور عام افراد بالخصوص غریبوں کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں جس سے دیہاڑی دار (بقیہ نمبر 44)

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل خطے میں پائیدار امن کے لیے بہت ضروری ہے، گورنر پنجاب

لاہور (آئی آئی پی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے آج گورنر ہاؤس لاہور میں وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و یمن ایمپاورمنٹ، وزیر مملکت مشعال حسین ملک نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مسئلہ کشمیر، فلسطین اور خواتین کو بااختیار بنانے سمیت مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد ماڈل کالج برائے طالبات میں محفل میلاد مصطفیٰ کے موقع پر پرنسپل اور طالبات کا گروپ فوٹو

بلوچ طلبہ لاپتا کیس؛ ریاست کو ذمہ داری پوری کرنی ہوگی، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (پیناینوز) ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ بلوچ طلبہ لاپتا کیس حساس معاملہ ہے، ریاست کو اپنی ذمے داری پوری کرنی ہوگی۔ عدالت نے بلوچ جبری گمشدگی انکوائری کمیشن کی سفارشات پر عمل درآمد کے کیس میں وفاق کی جانب سے سفارشات سے متعلق عمل درآمد رپورٹ جمع کرانے کے لیے مہلت کی استدعا منظور کرتے (بقیہ نمبر 47)

27 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

غلام ساغر شاہد ریجنل ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات

براق اللہ خان کو سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ پنجاب تعینات، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 27 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ غلام ساغر شاہد کو ریجنل ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات، براق اللہ خان کو سیکرٹری پنجاب لوکل (بقیہ نمبر 46)

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن پوری آب و تاب کیساتھ جاری

گیس چوری میں ملوث پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 58 گیس کنکشن منقطع کر دیئے گئے

542 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئے اور 1 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

غیر قانونی کنکشن منقطع کیا جا رہا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی لکار) گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 58 گیس کنکشن منقطع، 542 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئے اور 1 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 58 گیس کنکشن منقطع کر دیے، 542 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کر دیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 1 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس (بقیہ نمبر 48)

سوال سے پہلے دلائل مکمل ہونے دیں، چیف جسٹس

مجھے سوال پوچھنے سے روکا جائے گا تو بینچ میں بیٹھنے کا کیا فائدہ؟ جسٹس منیب اختر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے خلاف درخواستوں پر سماعت منگل کو بھی جاری رہی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں فل کورٹ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل فیصل (بقیہ نمبر 50)

غیر قانونی غیر ملکی افراد کے لیے مہلت

دن باقی 20

@GovtofPakistan

سینٹ اجلاس نہ بلانے پر رضا ربانی کی نگراں حکومت پر تنقید

سینیٹ کو نگراں حکومت کے اقدامات کے احتساب سے محروم کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے نگراں حکومت کی جانب سے سینیٹ کا اجلاس طلب نہ کیے جانے پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹ کو نگراں حکومت کے اقدامات کے احتساب سے محروم کیا جا رہا ہے۔ رضا ربانی نے اپنے بیان میں نگراں حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ نگراں حکومت کے دور میں (بقیہ نمبر 51)

21 اکتوبر سے مایوسیوں کے بادل چھٹنا شروع ہو جائیں گے

عوام مہنگائی میں کمی، مفت علاج اور تعلیم کیلئے نواز شریف کا ساتھ دیں، شہباز شریف

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ نواز شریف کا ساتھ دینے کا مطلب خوشحال اور آزاد پاکستان ہے، 21 اکتوبر سے انشاء اللہ مایوسیوں کے بادل چھٹنا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے عوام کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ عوام 21 اکتوبر کو گھروں سے نکلیں اور پاکستان کی معاشی (بقیہ نمبر 52)

مریم نواز سے مختلف حلقوں کے چیئرمینوں، کونسلروں، کارکنوں کی ملاقات

نواز شریف کے استقبال کی تیاریوں پر تبادلہ خیال، مختلف تجاویز پر بھی مشاورت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف کی لاہور کے قومی و صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں میں یونین کونسلوں کے عہدیداروں اور کارکنوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری، گزشتہ روز مریم نواز شریف سے حلقہ این اے 133 اور این اے 127 کی یونین کونسلوں کے چیئرمینوں، کونسلروں (بقیہ نمبر 57)

سندھ کی جیلوں میں بھی جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے کا فیصلہ

کراچی (اے ایف پی) جیل پولیس نے بھی جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کا فیصلہ کر لیا، نہ لائن نہ انتظار گھر بیٹھے ہی قیدی سے ملاقات کے لئے وقت حاصل کیا جا سکے گا۔ بین الاقوامی طور پر جیلوں میں استعمال (بقیہ نمبر 58)

بروقت انتخابات؛ ن لیگ اور جے یو آئی میں اختلافات سامنے آ گئے

لاہور (پیناینوز) ملک میں عام انتخابات کے بروقت ہونے یا نہ ہونے کے حوالے سے پاکستان مسلم لیگ ن اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے درمیان اختلافات سامنے آ گئے۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی عام انتخابات (بقیہ نمبر 60)

کروڑوں مالیت کے سامان سے بھرے 9 ٹرک پکڑے گئے

لاہور (پیناینوز) کسٹمز انٹیلی جنس لاہور نے اسمگلرز کیخلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے 22 کروڑ روپے مالیت کے اسمگل شدہ سگریٹ، چھالیہ اور شیشہ فلیورز کے 9 ٹرک پکڑ لیے۔ پولیس اور دیگر اداروں کی معاونت سے لاہور میں اسمگلنگ کے سامان سے بھرے اور اسمگلرز کے لیے محفوظ سمجھے جانے والے ٹھکانوں پر چھاپے مارے گئے۔

آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ذریعے نوسر بازی کا دھندہ عروج پر

مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) موبائل فون کے ذریعے دھوکہ دہی اور نوسر بازی کا دھندہ بھی جدت اختیار کر گیا، فراڈیوں کی جانب سے مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے جس میں وہ جدید سافٹ ویئر کی مدد سے تیار کردہ اہل خانہ کی آواز کے ذریعے شہریوں کو بلیک میل کر کے پیسے بٹورنے لگے ہیں۔ (بقیہ نمبر 59)

صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم پی آئی سی میں مریضہ سے طبہ سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نگران وزیراعظم کی قومی ڈائیلاگ کی تجویز

ڈیجیٹل میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ گورننس کے سٹرکچر، سیاسی رویہ، مذہب اور سیاست، معیشت اور سیاست اور عدلیہ کے نظام سمیت دیگر امور پر ایماندارانہ قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے، توقع ہے کہ آنے والی پارلیمان اس پر کام کریگی۔

یہ حقیقت ہے کہ جہاں قانون کی گرفت کمزور ہو اور قانون سے بچ نکلنے کی قوی امید ہو' وہ معاشرہ اخلاقی گراوٹ کا عملی نمونہ بن جاتا ہے۔ گزشتہ چند سال سے قومی سیاست انحطاط کا شکار نظر آرہی ہے۔ بلیم گیم' احتساب کی آڑ میں انتقامی کارروائی اور انا پرستی نے کسی حکمران کو ملکی مسائل کے حل کی طرف توجہ دینے کی فرصت ہی نہیں دی جس کی وجہ سے عوامی مسائل تو گھمبیر ہوئے سو ہوئے' ملک سنگین بحرانوں کا شکار ہوا اور معیشت کا بھٹہ بھی بیٹھ گیا۔ سیاسی عدم استحکام کے دوران ہر سیاسی جماعت نے قومی ڈائیلاگ پر زور دیا مگر انا اور مفاداتی سیاست کے پیش نظر اس پر کبھی عملدرآمد کی نوبت ہی نہ آپائی۔ مسلسل سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی مسائل گھمبیر سے گھمبیر ہوگئے' حتیٰ کہ معیشت کی بہتری کی طرف بھی توجہ نہیں دی گئی۔ اس وقت قومی معیشت کی حالت یہ ہے کہ قومی خزانہ خالی ہے' ملک چلانے کیلئے ہمیں آئی ایم ایف جیسے مالیاتی اداروں اور دوست ممالک کی مالی معاونت کی طرف دیکھنا پڑتا ہے جس سے ملکی وقار ہی مجروح نہیں ہو رہا' بلکہ قومی تشخص بھی ماند پڑ رہا ہے۔ اس وقت معیشت سمیت ملک جن سنگین بحرانوں میں گھرا ہوا ہے اور اسکی سلامتی کو اندرونی و بیرونی جن چیلنجز کا سامنا ہے' اس کیلئے ضروری ہے کہ قومی سیاسی قائدین اپنی انا اور مفاداتی سیاست کو بالائے طاق رکھ کر قومی ڈائیلاگ کی راہ ہموار کریں۔ سیاسی اختلافات اپنی جگہ' مگر ملکی مفادات پر کسی قسم کی سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ اس وقت گورننس کے سٹرکچر' سیاسی رویے اور معیشت انتہائی زبوں حالی کا شکار ہے' نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے درست باور کرایا ہے اور آنیوالی پارلیمان سے امید باندھی ہے کہ وہ ان قومی ایشوز پر قومی ڈائیلاگ کیلئے ضرور کام کریگی۔

آزاد کشمیر۔ قیامت خیز منظر کے سال اٹھارہ افواج پاکستان کا ایمان افروز کردار

تحریر: شوکت جاوید میر

اس جامع دعائیہ شعری کلمات سے آغاز کلام ہے'

میں کچھ بھی نہیں چاہتا اپنی اس گناہ گار زندگی میں یارب'

دعا یہ ہے کہ کسی کے دکھ کی وجہ میری ذات نہ ہو۔

آفات وبلیات سیلاب، زلزلے کسی بھی قوم پر اسلامی عقائد کے مطابق قدرت کمال کا امتحان ہوتا ہے اگر قوم اپنی اصلاح کر لے اپنے اجتماعی کردار کا بنظر عمیق جائزہ لیتے ہوئے اچھائی برائی کا موازنہ کر لے گناہوں سے استغفار کرے اور بہتری کیلئے منصوبہ بندی پر توجہ دے تو ایسی آفات بلیات مصائب آزمائش بن جاتی ہے اگر اصلاح کے بجائے اجتماعی کردار شتر بے مہار جیسا ہو تو پھر ایسی آزمائش نہیں عذاب الٰہی ہوتا ہے قارئین محترم آٹھ اکتوبر دو ہزار پانچ کو آٹھ بجکر باون منٹ پر ماہ صیام کے تیسرے روزے کو ایسی خوفناک گرجدار آوازیں انسانی وقت ساعت بکھرائیں کہ قیامت کا منظر دل ودماغ میں اجاگر ہونے لگا اور دیکھتے ہی دیکھتے انسانی آوازوں کی آہ و بکا تڑپتے لاشے بے بس رشتوں اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہوتے چشم فلک نے دیکھے عمارتوں کے ملبے تلے دب کر رہ جانے والی انسانی جانوں نے جس دردناک صورتحال اور بے بسی کا سامنا کیا اللہ تعالیٰ وہ وقت اپنی بدترین مخلوق کو بھی نہ دکھائے کیا کربناک سناٹا اور دردناک حالات کی بے بسی تھی کہ بیٹے کے سامنے باپ کی شفقت پدری اور بیٹی کو تڑپتے دیکھ کر شفقت ممتا بھائی کے بھائی سیخونی رشتے سوائے اپنے معبود کو پکارنے کے سوا کسی کام کے نہیں تھے اللہ تعالیٰ ہماری خطاؤں لغزشوں سرکشیوں کو اپنے حبیب کبریا کے واسطے صرف نظر کرتے ہوئے رحم وکرم فضل کا نزول فرمائے دو ہزار پانچ کے قیامت خیز زلزلے میں کم وبیش ایک لاکھ انسانی جانیں موت کی آغوش میں ابدی نیند سو گئیں ہزاروں زخمی ہوئے اور لا تعداد ہستے بستے گھرانے خانہ بدوشی جیسی زندگیاں بسر کرنے جیسے بدتر حالات کا شکار ہوگئے قارئین کرام تاریخ انسانی کی ان تباہ کاریوں میں بنیادی طور پر وطن عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کی مایہ ناز اسلامی افواج کے آفیسران اور جوانوں نے نہ دن دیکھا نہ رات نہ آرام وسکون کی پرواہ کی نہ گھر بار کا خیال آیا بلکہ جابجا بکھرے کراہتے انسانی جسموں سے الگ ہوئے اعضاء تلاش کر کے بزرگوں ماؤں بہنوں جواں سال بیٹوں شیر خوار بچوں کو دارلحکومت مظفرآباد باغ راولاکوٹ بالاکوٹ سے جہازوں میں بھر کر اسلام آباد راولپنڈی لاہور کے ہسپتالوں میں منتقل کیا اور ان ساری طویل صبر آزما امدادی کارروائیوں میں ایک بھی کوئی بے توقیری بے حیاء لا پرواہی کا واقعہ رونما نہیں ہوا اگر یہ عبادت نہیں تو کیا ہے یہ نظریاتی، اسلامی رشتے نہیں تو کیا ہے پھر جب ذرا سی بات وہ بھی ہرزہ سرائی کے متن میں رونما ہو تو بعض عاقبت نااندیش لوگوں کی زبانیں آگ کے شعلے اگلنے شروع کر دیتی ہیں اپنے پرائے میں تمیز کرنے کو وقتی جذبات کے پاؤں تلے مسل دیتے ہیں یہ طرز عمل مقام فکر بھی ہے اور باعث ندامت بھی پانچ اکتوبر دو ہزار آٹھ کے تباہ کن زلزلے کے بعد عالمی برادری، نیٹو این جی اوز انسانی حقوق کی تنظیموں مخیر حضرات کا ایثار اخلاص کرہ ارض کی تاریخ میں قابل تقلید مثال بن چکا ہے اہل کشمیر آج بھی افواج پاکستان امریکہ برطانیہ ترکی سعودیہ جرمنی نیٹو کا لعدم لشکر طیبہ اور ہر پاکستانی کے شکر گزار ہیں لیکن آج بھی سیکڑوں سکول چھتوں کے بغیر جن میں طلباء طالبات نامساعد اوقات میں علم حاصل کرتی ہیں ریڈ زون فالٹ لائن بلڈنگ کوڈز پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جا سکا ٹھوٹھہ لنگر پورہ میں مستحقین کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے بجائے قومی وسائل سب نے شیر مادر سمجھ کر ہڑپ کئے اور کوئی پوچھنے والا نہیں جناب وزیراعظم چوہدری انوار الحق بھی کبھی بے رحمانہ سرجری کی نوید سناتے ہیں اور کبھی صاف شفاف غیر جانبدار احتساب کا نقارہ بجا کر چپ سادھ لیتے ہیں ابھی بھی قوم کو ان سے لامحدود توقعات ہیں جو پوری کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہیں قارئین آج بھی شھدائے زلزلہ کے ورثاء اور لٹے پٹے خاندانوں کا پرزور جائز مطالبات ہیں کہ چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر وزیراعظم پاکستان انوار الحق کاکڑ وزیراعظم چوہدری انوار الحق باہمی مشاورت سے تعمیر نو اور متاثرین کی آبادکاری کیلئے آنے والی عالمی امداد کی آمدن اور اخراجات کی تفصیلات قوم کے سامنے پیش کریں اور شھدائے زلزلہ کے خون ناحق چوسنے اور انکی امداد میں بڑے پیمانے پر گھپلوں کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن قائم کر کے لوٹی ہوئی رقم انکی جائدادیں نیلام کر کے واپس لی جائے بلکہ قرار واقعی سزا دیکر نشان عبرت بنانے میں تاخیر نہ برتیں اللہ تعالیٰ شھدائے زلزلہ کے درجات بلند اور انکے ورثاء کی غیبی مدد پاکستان کو اپنی حفظ وامان اور قوم کو امن سلامتی افواج پاکستان کی دشمنوں پر سبقت حاصل کرنے کیلئے رسول رحمت کے صدقے شان غفاری کا نزول امت مسلمہ کو صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین یارب العالمین۔۔

اس جہاں میں اپنے لئے تو جیتے ہیں سارے، ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

آزاد کشمیر۔ زلزلے کی تباہ کاریاں اور وقت کی پکار

تحریر: شہزاد احمد آفریدی

آٹھ اکتوبر 2005 کے زلزلے میں ہزاروں افراد منوں مٹی تلے چند سیکنڈ میں دب گئے جبکہ ہزاروں لوگ شدید زخمی، ہزاروں مکانات چند سیکنڈ میں زمین بوس، سینکڑوں لوگ معذور ہو گئے زلزلے کو آج 18 سال بیت چکے ہیں لیکن لوگوں کے زخم آج بھی اسی طرح تروتازہ ہیں زلزلے کا نام سنتے ہی آنکھیں نم ہو جاتی ہیں اور انسان سکتے کی حالت میں آ جاتا ہے آٹھ اکتوبر 2005 کی تباہ کن زلزلے میں صبح آٹھ بج کر 52 منٹ پر تباہ کن زلزلے نے کئی ہزار خاندانوں کو اجاڑ دیا عمارتیں تو آج بن چکی ہیں لیکن آج بچھڑ جانے والوں کا غم کسی صورت بھلایا نہیں جا سکتا اس روز بھائی بہن سے باپ بیٹے سے بیٹا ماں سے خاوند بیوی سے اور بیوی خاوند سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بچھڑ گئے ہزاروں افراد اپنے مکانات و دکانات سے محروم ہو گئے کچھ افراد تو سنبھل گئے مگر کچھ افراد آج بھی بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں چند سیکنڈ کے زلزلے نے کروڑ پتی افراد کو بھیک مانگنے پر مجبور کر دیا بین الاقوامی ممالک کی این جی اوز نے ریسکیو اور بحالی وتعمیر نو کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جس کی وجہ سے زلزلے کے متاثرہ عوام کو جینے کا حوصلہ ملا اور وہ دوبارہ نئے سرے سے زندگی کے نئے سفر پر روانہ ہوئے۔ آٹھ اکتوبر 2005 کا دن یقیناً ایک تباہ کن اور ہولناک زلزلے کا سیاہ ترین دن تھا۔ اس روز کسی کو کوئی خبر نہ تھی کہ وہ آج ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنوں سے بچھڑ جائے گا۔ آٹھ اکتوبر کی صبح لوگ اپنے روز مرہ کی مصروفیات کے لئے تیار ہو کر گھر سے نکلے لیکن آٹھ بج کر باون منٹ پر چند سیکنڈ کے زلزلے نے بڑی بڑی عمارتیں زمین بوس کر دیں۔ ہر طرف بچوں، مرد وخواتین، بزرگوں کی چیخ وپکار تھی۔ ہر ایک دوسرے کو مدد کے لئے پکار رہا تھا۔ مگر کوئی بھی مدد کو تیار نہ تھا۔ لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت اپنے عزیز واقارب کو عمارتوں سے نکالا۔ زخمیوں کو نکالا گیا مگر انہیں علاج معالجے کے لئے نہ ہسپتال مل رہا تھا نہ عملہ کیوں کہ ہسپتال ملبے کا ڈھیر بن چکے تھے۔ ہسپتال کا عملہ خود بھی بے بسی کی تصویر بن چکا تھا۔ زخمی افراد اپنے زخموں کو دیکھ کر کسی مسیحا کے منتظر تھے۔ سکولوں میں چھوٹے چھوٹے بچوں کی لاشیں بکھری پڑی تھیں زخمی بچوں کی فریاد آسمان کو چھو رہی تھی۔ مگر کوئی بھی سہارا دینے نہ پہنچ سکا۔ ہر گھر کی الگ اور انوکھی داستان تھی۔ ایسے میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے پاکستان آرمی اور بین الاقوامی این جی اوز ترکیہ، سعودی عرب و دیگر ممالک سے امدادی ٹیمیں زخمیوں کے علاج معالجے کے لئے آزاد کشمیر پہنچ گئیں۔ ہیلی کاپٹر کے ذریعے زخمیوں کو راولپنڈی اسلام آباد لاہور اور کراچی منتقل کیا گیا، جبکہ شہید ہونے والے افراد کی تدفین کے لئے بے پناہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ این جی اوز کفن وغیرہ تو ساتھ لائی مگر شہداء کو دفنانے کے لئے قبریں کھودنا بھی ایک بڑے چیلنج سے کم نہیں تھا۔ اسکے باوجود شہریوں نے بڑی ہمت جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر شہداء کو دفنانے کا اہتمام کیا۔ اس میں پاک آرمی بین الاقوامی این جی اوز اور مقامی انتظامیہ کے کردار کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جنہوں نے بے پناہ مشکلات کے باوجود ایک بڑا کٹھن مرحلہ عبور کیا۔ ہر گھر میں ماتم کا سماں تھا۔ کوئی گھر ایسا نہیں تھا جس میں کوئی شہید یا زخمی نہ ہوا ہو۔ دیگر لوگوں کی طرح میں بھی ان زلزلہ متاثرین میں شامل تھا جسکے گھر کے چار افراد میری والدہ صاحبہ، دو جواں سال بھائی اور ایک بھتیجی منوں مٹی کے ملبے تلے دب کر شہید ہو گئے۔ مگر انہیں نکالنے کے لئے سب سے زیادہ مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔ کیوں کہ میرا گھر ڈپٹی کمشنر آفس نزد سٹی تھانہ کے قریب ایک اونچی پہاڑی کے نیچے تھا۔ گھر کے شہید ہونے والے افراد کو نکالنے کے لئے 22 روز کا مشکل مرحلہ عبور کیا۔ میں بطور خاص ڈپٹی کمشنر وقت چوہدری لیاقت حسین کا شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے نہ صرف مجھے حوصلہ دیا۔ بلکہ بڑے بھائی کی طرح شفقت ورا ہنمائی کرتے ہوئے آرمی کے جوانوں کے ذریعے میرے گھر کے چار افراد کی ڈیڈ باڈیاں نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ جہاں ہمارا گھر موجود تھا وہاں ایکسویٹر مشین کا پہنچنا مشکل تھا۔ آرمی کے جوانوں نے کینٹی، بیلچے کے ذریعے ملبہ اٹھایا اور نعشیں نکالنے میں کامیاب رہے۔ آٹھ اکتوبر کے روز جب میں گھر سے نکلا تو شالیمار ہوٹل کے قریب زلزلے نے موٹر سائیکل سے نیچے گرا دیا۔ لیکن اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مجھے خراش تک نہیں آئی۔ آج جب اس دن کو یاد کرتا ہوں تو ایک قیامت کا منظر میری آنکھوں کے سامنے نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو قدرتی آفات وبلیات سے محفوظ فرمائے۔ آمین ثم آمین

آج سے سترہ سال قبل آزاد کشمیر میں قیامت صغریٰ (زلزلہ)

راجہ شہزاد معظم

قارئین محترم! بعض ساعتیں انسانی حیات کا ایسا حصہ بن جاتی ہیں جن کے اثرات کو کوشش کے باوجود ذہن سے محو نہیں کیا جا سکتا۔ ۸ اکتوبر۔۔۲۰۰۵۔۔تیسرا روزہ ۔۔ ۸:۵۲ بجے صبح۔۔صرف ۳۵ سیکنڈ اور اس کے بعد انسانی چیخ وپکار وآہ وبکاء کے ساتھ ساتھ ساری دھرتی ملبے کا ڈھیر بن گئی۔ دھول سے فضاء اٹ گئی۔ ہر طرف نفسانفسی کا منظر قیامت صغریٰ کی یاد دلاتا تھا۔ مکانات مٹی کے ڈھیر میں بدل گئے۔ خوف وہراس انسانیت کے لاشعور میں سٹنگ گم کی طرح چپک کر رہ گیا۔ ہر ذی روح سوچ رہا تھا کہ اب موت آئی کہ آئی۔

ریکٹر سکیل کی سوئی ۷.۶ کو کراس کر گئی۔ معصوم بچے بے گور وکفن مردہ لاشوں کی صورت میں ننگ دھڑنگ پڑے ہوئے تھے۔ عفت مآب خواتین کی لاشیں بھی بے پردہ ہو گئی۔ کڑیل جوان مردہ جسموں میں بدل گئے۔ بڑی بڑی عمارات کے علاوہ چھوٹے چھوٹے جھونپڑے بھی پیوست خاک ہو گئے۔ لباس، جوتے، کھانے پینے کی اشیاء، مال ومتاع سب کچھ مٹی تلے دب گیا۔ انسان محض بے بسی اور لاچاری کی تصویر بن کر بے سرو سامان ہو کر رہ گیا۔ اللہ نے قرانی آیات کو سچ ثابت کر دکھایا کی اے انسان میں نے تجھے کمزور پیدا کیا ہے۔ امیر وغریب سب بے بس اور نیم مردگی کا شکار تھے۔ کئی ارب پتی ایک وقت کے کھانے سے چند ساعتوں میں محروم کر دیئے گئے۔

ایک تجزیہ کے مطابق اس خوفناک زلزلے میں ایک لاکھ پندرہ ہزار افراد لقمہ اجل بن گئے۔ جن میں اکثریت سکول جانے والے معصوم طلبہ و طالبات کے علاوہ دفاتری ملازمین تھے۔ ایک لاکھ تیس ہزار سے زائد افراد زخمی ہوئے، جن میں اکثریت کے زخم ایسے ہیں جو آج تک گھائل ہیں اور بسر مرگ پر پڑے اپنی صحتیابی کے معجزے کے منتظر ہیں۔

ایک ایک گڑھا کھود کر دس دس اور بعض مقامات پر اس سے بھی زائد افراد کو سپرد خاک کیا گیا۔ بیشتر افراد کو بوجہ تباہی اور اشیاء کی کمی کے باعث کفن بھی نصیب نہ ہوا۔ کچھ لوگوں کو چادروں میں لپیٹ کر حوالہ خاک کیا گیا اور کچھ افراد کو رضائیوں کے سفید لحافوں کو ملبے تلے سے تگ ودو کے بعد نکال کر لپیٹ کر قبر میں اتارا گیا۔ میں اس بات کا عینی شاہد ہوں کہ کئی کروڑ پتی لوگوں کے بیٹے اور بیٹیوں کو بغیر کفن کے ایک ایک گڑھے میں چار چار اور پانچ پانچ کی صورت میں ڈالا گیا۔

زمین کی چولیں ہل کہ رہ گئیں۔ نہ صرف انسان بلکہ چرند، پرند، حیوانات، نباتات اور حشرات الارض بھی اس زلزلے کی تباہی سے نہ بچ سکے۔ گیدڑوں کی غاروں کے دہانے بند ہو گئے۔ شیروں کی کچھاریں پتھروں سے بھر گئیں۔ پرندوں کے آشیانے زمین بوس ہو گئے۔ ہزاروں کی تعداد میں پالتو جانور ہلاک ہو گئے اور اکثر زندہ بچنے والے پالتو نہ رہے بلکہ آوارگی ان کا مقدر بن گئی۔

اس وقت لوگوں کے خیال کے مطابق اب زندگی شائد کبھی بھی معمول پر نہ آسکے اور قیامت قریب ہے۔ زندگی جمود کا شکار ہو کر رہ گئی۔ جس ماں کے تین یا چار لخت جگر شہید ہوئے ہوں اس کی کیفیت وہی جان سکتی ہے اور جس جوان عورت کے سر سے شوہر کا سایہ اٹھ جائے وہ اس غم کے تصور کو بیان کر سکتی ہے۔ جس بیٹے کا لاڈلا بابا جان ہنستے کھیلتے موت کے منہ میں چلا گیا ہو اس کے دلی جذبات وہی محسوس کر سکتا ہے۔

سب لوگوں کے ذہن میں یہ کیال تھا کہ اب شائد کوئی ذی روح زندہ نہ بچ پائے۔ لیکن میرے سوہنے مولا کا کمال دیکھئے کہ اس نے انسان کی عبرت کا سامان مہیا کر کے زندگی کو پہلے سے زیادہ پر رونق اور خوبصورت بنا دیا۔ لیکن یہ صرف مادیت پرستی کے ضمرے میں آتا ہے۔ جن کے گھر اجڑ گئے وہ اس مادی ترقی کے باوجود آج بھی افسردہ وملول ہیں۔ ان کی نمناک آنکھیں آج بھی دور بین نگاہوں والے تاڑ لیتے ہیں۔ حالانکہ جس گاؤں میں پہلے کچی جھونپڑیاں تھی آج وہاں پختہ مکانات ہیں۔ جس کنبے کے پاس ایک گھر تھا آج چار چار مکانات ہیں۔ لیکن زندگی کی وہ حقیقت جسے موت کہتے ہیں اس کا چرکا جس بھی شخص کے دل پر اس کے عزیز و اقارب کی صورت میں لگا وہ آج تک ملول زدہ ہے۔

پہنچائیں۔ پاکستانی فوج جو ہر دم تیار و ہوشیار رہتی ہے وہ اس مشکل گھڑی میں کیسے پیچھے رہ سکتی تھی۔ فوج کے ذریعے حکومت نے عوام میں نقد رقوم تقسیم کیں اور شہید ہونے والوں کے لواحقین کو ایک لاکھ روپے کی مالی معاونت سے نوازا۔ فوج کے جوانوں نے لاشوں کو دس دس روز بعد بھی ملبے تلے سے نکالا اور ان کو لواحقین کے حوالے کیا۔ بخدا فوج کا کردار اس زلزلے میں فراموش کرنے والے یا تو انسان نہیں یا ان کے دلوں پر اللہ نے مہر مثبت کر دی ہے۔

قارئین محترم! مجھے اچھی طرح یاد ہے ہمارے وزیراعظم سالار جمہوریت سکندر حیات جیسے مظبوط اعصاب کے مالک شخص نے مایوسی سے اپنی تقریر کے دوران یہاں تک کہہ دیا تھا کہ میں اجڑے ہوئے قبرستان کا وزیراعظم ہوں۔ لیکن بفضل خدا آج وہی اجڑا ہوا ملک پھر زندگی کی گہما گہمیوں سے بھرپور اور رونق افروز ہے۔ بلکہ اب کا کشمیر پہلے کے کشمیر سے زیادہ بہتر حالت میں ہے۔ لیکن یاد رکھئے جو ہم نے افعال شروع کر رکھے ہیں خدا کی ناراضگی کا سبب بن سکتے ہیں اور ہم کسی بھی وقت پھر خدانخواستہ اس کیفیت کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اگر میری تحریر میں کوئی بشری تقاضے کے تحت کمی رہ گئی ہو تو معذرت خواہ ہوں۔ اور اگر اس سے آپ کے دلوں میں گزرے لمحات کی یادیں تازہ ہوئی ہوں تو یاد جن بچوں نے وہ لمحات نہیں دیکھے وہ ایڈیٹر صاحب پر کو مطلع کریں اور میری خامیوں کی نشاندہی کریں۔ تاکہ میں آئندہ وہ غلطی نہ دہراؤں جو قارئین کی طبیعت پر ناگوار گزرتی ہو۔ اس کے علاوہ بھی آپ کے رائے نہ صرف میرے لئے معتبر اور میرے حوصلے بلند کرتی ہے بلکہ اکثر احباب کے بہترین مشورے میری تحریر کو پختگی عطا کرتے ہیں

اشاعت خاص

Email: info@awamilalkar.com
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ڈینگی وسموگ سے ڈرنا نہیں۔۔ ہمیں لڑنا ہے

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا صوبہ کو وبائی و ماحولیاتی آلودگی سے پاک بنانے کا مشن، وزیر اعلیٰ پنجاب کے صوبہ بھر میں سموگ اور انسداد ڈینگی اقدامات قابل تقلید قرار، محسن نقوی کا دھواں چھوڑنے والی نجی اور سرکاری گاڑیوں کیخلاف کارروائی کا حکم

فیلڈ افسران ڈینگی اور سموگ پر قابو کیلئے ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، لاہور میں سموگ مانیٹرنگ سسٹم ورلڈ بینک کے تعاون سے لگایا گیا ہے، اینٹی سموگ سکواڈز لاہور کے داخلی راستوں پر دھواں پھیلانے والی گاڑیوں کے خلاف سرگرم عمل، کاشتکاروں کو فصلوں کی باقیات جلانے کے حوالے سے وارننگ جاری

تحریر۔۔ ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

پنجاب کے انسداد ڈینگی اقدامات کو قابل تقلید قرار دیا جاتا ہے، فیلڈ افسران ڈینگی اور سموگ پر قابو پانے کیلئے ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ فصلوں کی باقیات اور کوڑا کرکٹ جلانے والوں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ سموگ صرف چند بڑے شہروں تک محدود نہیں، صوبہ کے تمام اضلاع میں سموگ کی روک تھام پر یکساں توجہ دی جائے۔ سموگ کا باعث بننے والے گرد وغبار سے بچنے کیلئے سڑکوں پر چھڑکاؤ کا انتظام کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے دھواں چھوڑنے والی نجی اور سرکاری گاڑیوں کیخلاف بلاتفریق کارروائی کا حکم بھی دیا۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کے حکام نے بتایا کہ سموگ کی مانیٹرنگ کیلئے سینٹرل کنٹرول روم نے کام کا آغاز کر دیا ہے اور فصلوں کی باقیات جلانے کیخلاف کارروائی کیلئے ڈپٹی کمشنرز کو سیٹلائیٹ تصاویر کی مدد سے علاقوں کی معلومات فراہم کی جارہی ہے۔ ایئر کوالٹی کی جانچ کے لئے لاہور میں مختلف مقامات پر نئے مانیٹر نصب کئے گئے ہیں۔ اب سموگ کے خطرے سے نمٹنے کے لئے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں۔ پہلی بار سموگ سیزن سے پہلے ہی اقدامات شروع کر دیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر محکمہ تحفظ ماحول تمام متعلقہ محکمے پوری طرح اس آفت سے نمٹنے کے لئے متحرک ہیں۔ پنجاب حکومت کا لاہور میں قائم سموگ کنٹرول روم فضائی آلودگی کی روک تھام کی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کے لئے سرگرم عمل ہے۔ لاہور دنیا کا سب سے آلودہ شہر ہے۔ اس وقت ہمسایہ ملکوں کے کئی شہر لاہور سے زیادہ آلودہ ہیں۔ اکتوبر میں بھی لاہور کے آلودہ ترین علاقے کا اے کیو آئی ابھی 180 سے اوپر نہیں گیا۔ سموگ مانیٹرنگ سسٹم ورلڈ بینک کے تعاون سے لگایا گیا ہے۔ بھارتی پنجاب میں فصلوں کی باقیات جلانے کے اثرات پاکستان کے سرحدی علاقوں پر بھی پڑتے ہیں۔ ورلڈ بینک سمیت عالمی فورمز پر بھارت میں فصلیں جلانے کا معاملہ اٹھایا ہے۔ محکمہ تحفظ ماحول میں قائم کنٹرول روم اور خصوصی ایپ کی مدد سے فیلڈ ٹیموں کی نگرانی کی جائے گی۔ سموگ کنٹرول روم ایک اہم پیشرفت ہے۔ جہاں تک فصلوں بالخصوص دھان کی باقیات جلانے کا تعلق ہے تو دور دراز کے دیہات میں اس بری عادت کا تدارک نہایت مشکل کام ہے۔ کسان بھائیوں کی اکثریت کو دفعہ 144 کے نفاذ کو خاطر میں نہیں لاتے۔ پنجاب حکومت نے پہلی بار خلائی تحقیق کے قومی ادارے سپارکو کے سیٹلائٹ کی مدد سے دور دراز کے علاقوں کی مانیٹرنگ کرنا شروع کر دیا ہے۔ کسی ضلع میں فصلیں جلانے کی اطلاع پر فوراً متعلقہ ڈپٹی کمشنر، متعلقہ پٹواری یا ریونیو سٹاف کے ذریعے کارروائی کی جارہی ہے۔ محکمہ تحفظ ماحول پنجاب کی طرف سے آلودگی پھیلانے والے سینکڑوں صنعتی یونٹس کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔

سموگ پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ گاڑیوں کا دھواں ہے۔ اینٹی سموگ سکواڈز لاہور کے داخلی راستوں پر دھواں پھیلانے والی گاڑیوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ سردیوں کے اوائل میں جب ہوا کم درجہ حرارت کے باعث بھاری ہوتی ہے تو فضائی آلودگی اس کے ساتھ مل کر ماحول میں ایک تہہ سی پیدا کرتی ہے جس سے گمان ہوتا ہے کہ شاید فضا ابر آلود ہے لیکن درحقیقت یہ تہہ سورج کی روشنی اور زمین کے درمیان ایک جھلی کی طرح حائل ہو جاتی ہے۔ اگر اس مظہر کے مضمرات کا ذکر کریں تو وہ یہ ہیں کہ سموگ آنکھوں اور گلے کو پریشان کر سکتی ہے اور پھیپھڑوں کو بھی نقصان پہنچا سکتی ہے۔ فضائی آلودگی کی وجہ سے بیماریوں کے بڑھتے ہوئے خطرے کے سبب ہوا کے معیار کے لئے معیاری اقدار کی وضاحت ضروری ہے اور ہوا کی کوالٹی کی نگرانی ریگولیٹری پالیسیوں کی تیاری میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ محسن نقوی نے صنعتی آفات کو روکنے کے لیے موثر منصوبہ بندی اور تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کو ہدایات کی ہیں کہ کہ زلزلہ کی تباہ کاریوں سے بچنے کے لیے نئی تعمیر ہونے والی عمارتوں میں زلزلہ پروف میٹریل کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔ انتظامیہ اونچی عمارتوں کے معائنے کو یقینی بنائے اور عمارتوں کی تعمیر میں غیر معیاری میٹریل استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ زلزلے کے آفٹر شاکس کے خطرے کے پیش نظر اضلاع کے عملے اور مشینری کو ہمہ وقت الرٹ رکھا جائے تاکہ وہ ہنگامی صورت حال میں فوری جواب دے سکیں۔ پی ڈی ایم اے کو اضلاع کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی کنٹرول روم سے صورتحال کی مانیٹرنگ جاری ہے اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹرز کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ زلزلے میں بہتر حکمت عملی اور بروقت اور موثر کوآرڈینیشن بنانے پر پی ڈی ایم اے کا عملہ خراج تحسین کا مستحق ہے۔ لائن ڈپارٹمنٹس ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی جاری رکھیں، ماحول کو صاف ستھرا بنانا اولین ترجیح ہے۔ کمشنر لاہور ڈویژن لاہور محمد علی رندھاوا کی خصوصی ہدایت پر لاہور ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز لاہور، قصور، شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب چوزیر نگرانی تمام اضلاع میں سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تمام ڈپٹی کمشنرز کی ہدایت پر تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز روزانہ کی بنیاد پر سموگ کے تدارک کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور سموگ و ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی فیکٹریوں، رائس ملز اور اینٹوں کے بھٹوں کا معائنہ کر رہے ہیں۔ دوران انسپکشن حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے متعدد اینٹوں کے بھٹے سیل اور مقدمات اور جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ کاشتکاروں کو فصلوں کی باقیات جلانے کے حوالے سے وارننگ جاری کر دی گئی ہے اور ماحولیاتی آلودگی اور سموگ کا باعث بننے والی تمام تر سرگرمیوں سے اجتناب کرنے کے لیے مساجد میں اعلانات کئے جا رہے ہیں۔

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے مالکان کو قانونی کارروائی کا الرٹ جاری کر دیا گیا اور کوڑا کرکٹ کو آگ لگانے والے عناصر کے خلاف بھی کاروائیوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ حکومت کی ہدایت پر فضائی آلودگی کا باعث بننے والے بھٹوں اور فیکٹریوں کے خلاف بلا تفریق کاروائیاں جاری رہیں گی، فضائی آلودگی کا باعث بننے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، انڈسٹریل یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں کو کسی صورت فضائی آلودگی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ سموگ کے انسانی صحت پر بہت مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں، شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی

بقیہ 1

کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں انتظامیہ نام کی کوئی چیز دیکھنے کو نہیں مل رہی گراں فروشی عروج پر ہے ہمارا کوئی پرسان حال نہیں ہمیں گراں فروشوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے ہم دو وقت کی روٹی بھی پوری نہیں کر پا رہے ایک طرف بجلی کے بھاری بھرکم بلوں نے کمر توڑ کر رکھی ہوئی ہے رہتی کسر گراں فروشوں نے نکالی ہوئی ہے، مارکیٹ کمیٹی والے دفتر میں بیٹھ کر ریٹ لسٹ تیار کر دیتے ہیں اور اس پر بھی عملدرآمد کروانے کے لیے فیلڈ میں پرائس مجسٹریٹس کہیں بھی نظر نہیں آتے ہم غریبوں کے لئے ٹینڈے اور شلجم بھی نایاب ہو چکے ہیں ٹینڈا 2 سو روپے کلو، شلجم 150 سے 180 روپے کلو، کدو 160 روپے کلو، بینگن 150 روپے کلو اور کی 4 سو روپے پاؤ، دھنیا ایک ٹائم کی ہانڈی کے لیے جو بمشکل 20 گرام ہے 30 روپے میں مل رہا ہے اس وشرباء مہنگائی میں انتظامیہ کا کام بنتا ہے کہ وہ ہمیں ریلیف فراہم کروانے میں اپنا کلیدی کردار نبھائے اور بولی بھی اپنی نگرانی میں کروائے تاکہ ہم لوگ اپنے بچوں کو دو وقت کی روٹی بآسانی مہیا کر سکیں شہریوں نے کمشنر راولپنڈی، اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ کو سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے گراں فروشوں کے خلاف سختی سے نمٹنے اور پرائس مجسٹریٹس کو فیلڈ میں متحرک کرنے کا مطالبہ کیا

بقیہ 2

ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا شہر میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن میں مسلم لیگ ن کے سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری حامد حمید کے پھوپھا سمیت درجنوں تاجروں کی دوکانوں کو سیل کئے جانے پر متاثرہ تاجران نے مرکزی انجمن تاجران کے سابق صدر پی ٹی آئی راہنما خواجہ احمد حنیف کی قیادت میں روڈ بلاک دھرنا دیا جن کے انتظامیہ سے مزاکرات ناکام ہونے پر اندرون شہر مختلف مقامات پر مذید درجنوں دوکانات کو سیل کر دیا گیا اور سابق رکن قومی اسمبلی کے پھوپھا سمیت قبضہ مافیا کو بھاری جرمانہ کر کے دوکانوں کو ڈی سیل کئے جانے لگا ہے۔ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر کی زیر نگرانی 13 اکتوبر کو بازاروں کے علاوہ گلی محلوں میں تجاوزات و ناجائز تعمیرات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی تیاریاں مکمل کر کے مزاحمت کے خطرات کے پیش نظر پولیس سے مدد طلب کر لی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو 13 اکتوبر سے گرینڈ آپریشن سے آگاہ کرتے ہوئے از خود تجاوزات کے خاتمہ کی مہلت دے دی ہے جس کے بعد اندرون شہر بازاروں اور گلی محلوں میں مکانات کے باہر ہر کسی قسم کی عارضی اور پختہ تجاوزات کو مسمار کرنے کے لئے روزانہ کی بنیاد میں گرینڈ آپریشن شروع کیا جا رہا ہے۔ جس کی نگرانی کمشنر سرگودھا خود کریں گے۔

بقیہ 3

گئے، شیخ رشید کا اب تک کوئی پتہ نہیں۔ عدالت نے سوال کیا کہ آر پی او صاحب بتائیں شیخ رشید سے متعلق کیا پیشرفت ہے اور سی پی او راولپنڈی کہاں ہیں؟ آر پی او نے عدالت کو بتایا کہ شیخ رشید کی بازیابی کے لیے کوشش کر رہے ہیں، مزید مہلت چاہیے، عدالت نے کہا کہ درخواست گزار کے بیان حلفی میں تو وہ ملزم ہے، جن پولیس افسران کو ملزم بنایا گیا، ان کے خلاف اور سی ڈی آر زی کا قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ شیخ رشید کی حراست کے خلاف درخواست پر ساعت 18 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 4

تھا پیاس لگنے پر اٹھو کھڑا کر کے دوکان سے پینے کیلئے پانی لینے گیا گیا جب واپس آیا تو دونوں اچانک غائب پائے گئے جنہیں نامعلوم افراد اغوا کر کے لے گئے ہیں تھانہ سٹی چنوٹ کی پولیس نے طالب حسین کی تحریری درخواست پر تھانہ سٹی چنوٹ پولیس نے نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ایس ایچ او سٹی چنوٹ محبوب عالم کے مطابق بچوں کی تلاش جاری ہے جلد ہی کوئی سراغ مل جائے۔

بقیہ 5

سیاحوں کو سہولیات فراہم کرتی رہے گی۔ پاکستان بھر سے آنے والے سیاحوں کے لیے پٹریاٹہ چیئر لفٹ پر خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاحوں کی سہولت کے لیے پہلے کی طرح بہتر انداز میں کام جاری رکھیں گے۔ بحیثیت منیجر پٹریاٹہ چیئر لفٹ ذمہ داریوں میں اضافہ ہو گیا ہے جنہیں احسن طریقے سے نبھانے کی کوشش کریں گے۔ مری کے پرفضا مقام پر آنے والے سیاحوں کو خوش آمدید کہیں گے اور انہیں اچھا ماحول فراہم کریں گے۔

بقیہ 6

کے رہائشی ملزم کے قبضے سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کی گئی۔ تمام ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 7

ریکوڈ امیدواران کی تعداد 58843 اور پرائیویٹ امیدواران کی تعداد 5049 تھی۔ مذکورہ امتحان میں 27896 امیدواران کامیاب ہوئے جبکہ 35848 فیل ہوئے۔ کامیابی کا تناسب 43.66 فیصد رہا۔ طالبات کی شرح کامیابی 50.74 فیصد جبکہ طلبا کی شرح کامیابی 33.09 فیصد رہی 1500 امیدواران غیر حاضر ہوئے۔ نتائج بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر بھی ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں اس سلسلہ میں کسی بھی دشواری یا معلومات کے لئے کنٹرولر امتحانات کے فون نمبرز 0515450917 اور 0515450918 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے یا اسسٹنٹ کنٹرولر رانا محمد الیاس کے موبائل نمبر 03335464775 یا کوارڈینیٹر سید وجاہت حسین شاہ کے موبائل نمبر 03115108770 نیز طلبا و طالبات کی سہولت کے پیش نظر ان کے نتائج ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے موبائل نمبرز پر بھجوا دیئے گئے ہیں نیز ریکوڈ ادارہ جات کو نتائج گزٹ ان کے پورٹل پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 8

دریافت کیا تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان کا دورہ ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ اے ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق اور چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر محمد عامر نے انکو ہسپتال کے تمام وارڈز کا تفصیلی معائنہ کروایا اسے سی گوجر خان نے اپنے اس تفصیلی دورے میں ہسپتال کے ڈینگی وارڈ تمام وارڈز، او پی ڈی، گائنی وارڈ، لیبر روم ایمرجنسی وارڈ، پرچی کاونٹر، فارمیسی، لیبارٹری، صحت کارڈ کاونٹر کو چیک کیا اور ہسپتال کے آپریشن تھیٹر کا بھی معائنہ کیا اور پرچی کاونٹر کا بھی انھوں نے تفصیلی جائزہ لیا اور پرچی کاونٹر پر عملے کی تعداد چیک کی اس کے علاوہ انھوں نے ہسپتال کے ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کو بھی چیک کیا اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا تمام تر انتظامات کو تسلی بخش پایا انھوں نے ہسپتال میں علاج معالجہ کے لیے آنے والے اور وارڈز میں ایڈمٹ مریضوں اور انکے لواحقین سے فرداً فرداً مل کر گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے دی جانے والی سہولیات اور ادویات اور ڈاکٹرز اور سٹاف کے رویے کے متعلق دریافت کیا مریضوں اور لواحقین نے بتایا کہ تمام تر ادویات اور دیگر سہولیات ہمیں ہسپتال میں فراہم کی جا رہی ہیں ڈاکٹرز اور سٹاف کا رویہ بھی دوستانہ ہے

بقیہ 9

الگ ہو جائیں گے۔ شاہد خاقان عباسی نے کھل کر مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ شہباز شریف اور مریم نواز میرے لیڈر نہیں۔ نواز شریف کے استقبال کے حوالے سے ن لیگی رہنما نے کہا کہ قافلہ لے کر استقبال کیلئے نہیں جاوں گا، اس کا قائل نہیں، وطن واپسی کیلئے بیرونی نواز شریف کو گمراہ کر رہی ہے۔ نواز شریف کی ضمانت کے حوالے سے سوال پر ان کا کہنا تھا کہ سزا یافتہ اشتہاری قرار دیئے گئے شخص کو ضمانت نہیں مل سکتی، پہلے عدالت کے سامنے سرنڈر کرنا پڑتا ہے ورنہ پیچیدگی بڑھے گی۔ الیکشن سے متعلق شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ موجودہ حالات میں الیکشن میں حصہ نہیں لوں گا، حتمی فیصلہ حلقے کے لوگ کریں گے۔

بقیہ 10

بات کروانے کی اجازت نہیں ہے۔ عدالت نے قیدیوں سے فون پر بات کروانے سے متعلق جیل ایس او پی طلب کرتے ہوئے 18 اکتوبر تک جمع کروانے کا حکم دے دیا۔ بعد ازاں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خصوصی عدالت کے جج ابوسنات محمد ذوالقرنین نے کیس کی آئندہ ساعت 18 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 11

ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگو کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جاری رہی ہے۔

بقیہ 12

بچوں کے خرچہ کا دعویٰ دائر کر دیا۔ جس رنجش میں شوہر عبدالرشید نے اپنے بھائی عبدالجبار کی مدد سے دونوں بچوں ثمامہ اور خدیجہ کو اغوا کر لیا اور دھمکیاں دے رہے ہے کہ اگر دعوی واپس نہ لیا تو اس کے بچوں کو قتل کر دے گیا۔ اس درخواست پر واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران نے رپورٹ طلب کرتے ہوئے تھانہ سٹی پولیس کو کاروائی کا حکم دیا ہے۔ جس میں تھانہ سٹی پولیس کا کہنا ہے کہ معاملہ کی چھان بین کی جاری ہے۔ بچوں کا اغواء ثابت ہونے پر کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس درخواست گزار خاتون کے دعوی میں فیملی کورٹ کی جج بشریٰ راشد نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے دونوں بچوں کو فوری بازیاب کر کے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 13

لائسنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی صدر نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس پی راول فیصل سلیم نے صادق آباد پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 15

دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 13 گھروں، 15 دوکانوں اور 40 افراد کے کوائف چیک کیے گئے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 16

سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

اسرائیلیوں کی ہلاکت کی تعداد 900 سے تجاوز کر گئی جن میں 100 سے زائد فوجی اور پولیس اہلکار سمیت غیر ملکی شہری بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے بزدلانہ کارروائی میں غزہ میں حماس کے کمانڈرز کے گھروں پر رات بھر بمباری کی۔ اسرائیلی بمباری کا سلسلہ آج چوتھے روز بھی جاری رہا جس میں اب شہید ہونے والوں ان کی تعداد 700 سے تجاوز کر گئی جن میں 140 بچے بھی شامل ہیں۔

بقیہ 18

لی، آئندہ اجلاس میں منظوری دیے جانے کا امکان ہے۔ مفت یونٹس کی سہولت ختم کرنے سے سالانہ 6 ارب روپے سے زائد بچت ہوگی، مجوزہ سفارشات کے مطابق گریڈ 17 کے افسر کو ماہانہ 450 مفت یونٹس کی بجائے 15 ہزار 858 روپے دیے جائیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ گریڈ 18 کے افسر کو ماہانہ 600 مفت یونٹس کی بجائے 21 ہزار 996 دینے کی سفارش کی گئی ہے جبکہ گریڈ 19 کے افسر کو ماہانہ 880 مفت یونٹس کی بجائے 37 ہزار 594 روپے دینے اور گریڈ 20 کے افسر کو ماہانہ 1100 مفت یونٹس کی بجائے 46 ہزار 992 روپے دینے کی سفارش تیار کی گئی ہے۔ اسی طرح گریڈ 21 کے افسر کو ماہانہ 1300 مفت یونٹس کے بجائے 55 ہزار 536 روپے دیے جائیں گے، جنریشن کمپنیوں کے افسران کیلئے بھی ایسی ہی تجاویز تیار کی گئی ہیں، گریڈ 16 تک کے ملازمین کو فی الوقت مفت بجلی کی سہولت جاری رہے گی۔ ذرائع کے مطابق جنریشن کمپنی کے گریڈ 17 کے افسر کو مفت یونٹس کی بجائے 24 ہزار 570 روپے دینے کی سفارش کی گئی، جنریشن کمپنی کے گریڈ 18 کے افسر کو مفت یونٹس کی بجائے 26 ہزار 460 روپے دینے کی سفارش تیار کر لی گئی۔ جنریشن کمپنی کے گریڈ 19 کے افسر کو ماہانہ مفت یونٹس کی بجائے 42 ہزار 720 روپے، گریڈ 20 کے افسر کو مفت یونٹس کی بجائے 46 ہزار 992 روپے اور گریڈ 21 کے افسر کو 55 ہزار 536 روپے دینے کی سفارش کی گئی۔

بقیہ 19

نظارہ پاکستان میں نہیں کیا جا سکے گا، سورج گرہن جنوب مغربی میکسیکو، وسطی امریکا کے مختلف ممالک میں دیکھا جا سکے گا، وسطی کولمبیا اور شمالی برازیل میں بھی اس کا نظارہ کیا جا سکے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 14 اکتوبر کو پاکستانی وقت کے مطابق رات 8 بج کر 4 منٹ پر گرہن کا آغاز ہوگا، سورج گرہن پاکستانی وقت کے مطابق رات 10 بجکر 59 منٹ پر اپنے عروج پر ہوگا، 15 اکتوبر پاکستانی وقت کے مطابق شب ایک بجکر 55 منٹ پر اس کا اختتام ہوگا۔

بقیہ 20

سے مل کر ان سے آراضی ریکارڈ سنٹر سٹاف کے رویے اور فراہم کی جانے سروسز میں کسی بھی قسم کی دشواری یا عملے کی جانب سے کسی بھی کام کے سلسلے میں پیسوں کی ڈیمانڈ کے متعلق پوچھا تو وہاں موجود سائلین نے بتایا کہ کسی بھی قسم کی کوئی دشواری یا پریشانی کا سامنا نہیں ہے تمام کام بروقت ہو جاتے ہیں اے سی گوجر خان نے تمام سائلین کو کہا کہ اگر کوئی بھی مسلہ ہو یا ٹاوٹ مافیا کا کوئی ایشو ہے تو مجھے آپ بتائیں اگر کوئی پرسنل بھی مجھے شکایت درج کروانا چاہتا ہے تو میرے دفتر میں اکر مجھے بتائے آپکی تمام جائز شکایات کا ازالہ کیا جائے گا انھوں نے سروس سنٹر انچارج/اے ڈی ایل آر کو ہدایات کیں کہ عوام الناس کو ترجیحی بنیادوں پر سروس فراہم کی جائے عملے کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ٹاوٹ مافیا کا آراضی سنٹر میں داخلہ سختی سے منع ہے تمام آنے والے سائلین کے جائز کاموں کو فی الفور حل کیا جائے اگر کسی بھی قسم کی کوئی شکایت مجھے موصول ہوئی تو سختی سے نمٹا جائے گا اخر میں انھوں پانی کے کولر اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو چیک کیا اور تسلی بخش پایا

بقیہ 21

رہے ہیں، مہنگائی کی وجہ سے 50 فیصد سفید پوش لوگوں نے اپنے بچے پرائیویٹ سکولوں سے سرکاری سکولوں میں داخل کروا دیئے ہیں، سرکاری سکولوں کی نجکاری نامنظور تحریک اس وقت تک جاری رہے گی جب تک فیصلہ واپس نہیں لیا جاتا۔

بقیہ 22

بندوبست کریں گے۔ اے پی پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو بیرون ملک آئی ٹی ایکسپرٹ کے طور پر مواقع حاصل کرنے میں دشواریوں کا سامنا ہے۔ اس کی وجہ تعلیمی اداروں میں آئی ٹی کے لئے تجربہ اور مہارت کے حوالے سے انٹرن شپ سرٹیفکیٹ کی فراہمی یقینی نہ ہونا ہے۔ انہوں نیکہا کہ نگران حکومت تین ماہ کے اندر ایک نیا طریقہ کار متعارف کرا رہی ہے کہ جو طلباء و طالبات آئی ٹی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں انہیں ایک سال کا پریکٹیکل ملک کی بڑی آئی ٹی کمپنیوں میں کرانا لازمی ہوگا اور اس سلسلہ میں متعلقہ تعلیمی اداروں کو پابند کیا جائے گا کہ آئی ٹی کی متعلقہ کمپنیوں میں ایک سال کی انٹرن شپ کا بندوبست خود کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بیرون ملک آئی ٹی ایکسپرٹ کے مواقع کی دستیابی کے لئے طلباء طالبات کو اوریکل سے سرٹیفکیٹ کا حصول لازمی قرار دیا جائے گا۔ اس حوالے سے اقدامات حکومت اور تعلیمی ادارے باہم تعاون سے کریں گے۔

بقیہ 23

ون میں 270 میں سے 270 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کر کے والدین اور اساتذہ کا سر فخر سے بلند کر دیا عزیز واقارب اور دوست احباب کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا اور مبارک باد پیش کی گئی جن میں بابر سعید ایڈووکیٹ ڈسکہ احمد صاحب احمد ایوبیہ میڈیکو والے عالم صاحب، استاد راشد، استاد عمران، رشید احمد نعیم، امجد علی چوہدری چوہدری محمد اویس لاڈلہ، عبدالحنان، چوہدری سہیل، چوہدری زوہیب، چوہدری عمار، چوہدری ارسلان، اشفاق قصوری، عدنان قصور، عبداللہ قصور، سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے مبارک باد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 24

مالیت کے ایم ایل ون ریلوے منصوبے پر بھی دستخط ہوں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ایم ایل ون ریل کی رفتار 160 کلومیٹر سے کم کر کے 120 کلو میٹر فی گھنٹہ کر دی گئی ہے اور چین نے ایم ایل ون ریلوے منصوبے کے تزیینی معاہدے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق سی پیک کے تحت گدھوں کی کھال، ڈیری مصنوعات اور گوشت ایکسپورٹ کرنے کے لیے بھی پروٹوکول معاہدے پر دستخط ہوں گے۔

بقیہ 25

عرفان نواز میمن نے والدین سے گزارش کرتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائیں اور پولیو سے محفوظ پاکستان بنائیں۔

بقیہ 26

رہے کہ بابر حیات پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 22 کے آفیسر ہیں۔

بقیہ 27

سکھ چکے ہیں، ہم چاہتے ہیں لیول پلیئنگ فیلڈ ہو، شفاف انتخابات ہوں، عوام کو فیصلہ کرنے دیں، اگر عوامی مینڈیٹ چوری ہوا تو ملک کیساتھ ظلم ہوگا۔ مسلم لیگ سے متعلق سوال پر رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ ن لیگ کا ووٹ کو عزت دو کا نعرہ کہاں گیا، ہمارے ساتھ جو ہو رہا ہے چھین لیگ ہے، جو کچھ عثمان ڈار کے ساتھ ہوا وہ خواجہ آصف نے کرایا اور پھر جو فرخ حبیب کیساتھ ہو رہا ہے، لوگ دوسروں کا نام بھی لیتے ہیں لیکن میں کہتا ہوں اس سب کے پیچھے ن لیگ ہے۔ انھوں نے سوال کیا کہ کیا شہباز شریف نے کوئی کارکردگی دکھائی ہے تمام تباہی کے ذمہ دار ہیں، مریم نواز فارمولیکی بات کرتی ہیں تو 30 سال تو آپ حکومت میں رہے کیا فارمولا تھا، آپ جلسے کر رہی ہیں، ہمیں جلسے کی اجازت نہیں، کنٹوشن پر ہمارے لوگ گرفتار ہو گئے۔ اسد قیصر نے چیف الیکشن کمشنر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ پری پول دھاندلی کا آغاز نہیں، ملک کیساتھ کھلواڑ نہ کریں، ہم کسی سیصادم نہیں چاہتے، الیکشن کمیشن بتا کیا مجرم کا استقبال اور دوسری طرف ملزمان کو روکنا لیول پلیئنگ فیلڈ ہے۔

بقیہ 28

فور آگ بجھانے والے آلوں کی مدد سے آگ پر قابو پا کر کسی بڑے نقصان سے بچا لیا گیا۔ گاڑی پشاور سے چارسدہ کی جانب جا رہی تھی۔ گاڑی کے مالک نے اس برق رفتار کاروائی کو سہراتے ہوئے موٹروے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 29

فرسٹ ڈویژن میں حاصل کر کے تاریخ رقم کر دی ملک وقوم کا نام روشن کرنے والا یہ نوجوان اس سے قبل بھی علاقے میں فلاحی تنظیم یوسی جنڈ مہلو ویلفیئر سوسائٹی کے پہچان سمجھا جاتا ہے جس کی بدولت علاقے بھر میں اپنی مدد آپ کے تحت متعدد انقلابی اقدامات سے روشنیاں بکھیرنے میں مصروف عمل ہے قرگلفام نے اپنی اس کامیابی کے پیچھے والدین، اساتذہ، اور فلاحی سفر سے مستفید ہونے والے مستحق افراد کی دعاوں کو قرار دیا نوجوان نسل کو پیغام دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اپنی کم از کم بنیادی ڈگری حاصل کرنے پر زور دیا جائے اور تمام مکاتب فکر کو اپنے دائرہ کار میں رہ کر انسانیت کی خدمت خصوصا تعلیمی شعبے میں اپنا کردار ادا کر کے آنے والی نسلوں کو اوپر اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہماری علاقائی تنظیموں صاحب استطاعت افراد کو چاہیے کہ نوجوان نسل خاص کر مستحق بچیوں، بچوں کی تعلیم پر فوکس کر کے انہیں اعلیٰ تعلیم دلوائی جائے تاکہ وہ اپنے پاوں پر کھڑے ہو سکیں۔

بقیہ 30

چرس، وارث خان پولیس نے ملزم شکیل خان سے 01 کلو 400 گرام چرس، وھمیال پولیس نے ملزم کامران سے 02 کلو 70 گرام چرس، ملزم جہانزیب سے 01 کلو 90 گرام چرس، پیر ودھائی پولیس نے ملزم غلام مرتضیٰ سے 540 گرام چرس، کلر سیداں پولیس نے ملزم راشد سے 520 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم سجاول سے 515 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او اسوید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 31

جنرل ریٹائرڈ رحمت خان نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جن افراد کا کارنیا متاثر ہوتا ہے اب انہیں بہتر تشخیص اور علاج کی سہولت میسر آئے گی اور ہمارے ماہرین امراض چشم کو مریضوں کی بہتر دیکھ بھال کر سکیں گے جبکہ ہم دیگر اداروں کے ڈاکٹروں کو بھی اس سلسلہ میں ضروری تربیت دیں گے

بقیہ 32

یاسر، وقار کے پاس خودکش جیکٹس تھیں جن میں دو، دو گرینیڈ تھے، ہمارا کمانڈر چھتو سیکیورٹی فورسز کے خلاف بارودی سرنگ نصب کر رہا تھا تو دھماکا ہو گیا۔ گرفتار دہشت گرد نے بتایا کہ ہمارا کمانڈر چھتو بچ گیا یا مر گیا مجھے کچھ پتہ نہیں، اس کے بعد ہم پر پاک فوج نے چھاپہ مارا جس سے ہم ایک دوسرے سے بچھڑ گئے، 5 دن بعد آرمی نے مجھے ڈھونڈ کر گرفتار کر لیا۔ ایک اور دہشت گرد شاہ محمود نے کہا کہ مولوی محمود اللہ کے کہنے پر ٹی ٹی پی گروپ میں شامل ہوا، میرا کمانڈر مفتی نور ولی ہے، میں انس کے ساتھ تشکیل کے لیے وزیرستان آیا تھا۔ شاہ محمود نے بتایا کہ ہم 9 افراد تھے جو تشکیل کے لیے آئے تھے، ان میں سے 5 افغانی طالبان تھے، ہم خوست کے راستے وزیرستان آئے، یہاں ہم عمر اور خالد کے ساتھ ملے۔ دہشت گرد شاہ محمود نے کہا کہ ہم نے کرک گیس پلانٹ پر حملہ کیا جس میں 4 افراد شہید ہوئے، یہاں سے کلاشن کوف، 4 فون اور 2 یونیفارم لے کر چلے گئے اور میں افغانستان واپس چلا گیا تھا۔

بقیہ 33

کیا جائے۔ اجلاس میں لاہور ریلوے سٹیشن تا گرین ٹان الیکٹرک بسیں چلانے کی اصولی منظوری دی گئی۔ ورلڈ بینک کے تعاون سے لاہور میں پائلٹ پراجیکٹ کے تحت 27 الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ اسلام آباد و راولپنڈی پاکستان میٹرو بس سروس کیلئے بھی الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے راولپنڈی اور لاہور میں میٹرو بس ٹریک کی تعمیر و مرمت کا حکم دیا۔ اجلاس میں قذافی سٹیڈیم اور شاہدرہ ریلوے سٹیشن کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کی منظوری دی گئی۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے اجلاس میں ڈیزل یا ہبرڈ ری جنریٹو بسیں چلانے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے الیکٹرک بس سروس کیلئے فوری اقدامات کا حکم دیا اور پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی میں انسانی وسائل کی کمی کو پورا کرنے کی منظوری دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ عوام کو معیاری اور محفوظ سفر کی سہولتیں فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی تقریباً سوا ارب مسافروں کا ہدف عبور کر چکی ہے۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی 6 بس سروس سسٹم آپریٹ کر رہی ہے۔ اورنج لائن میٹرو ٹرین پر روزانہ 25 ہزار طلبہ مفت سفر کر رہے ہیں۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو حکومت پاکستان کی طرف سے ڈویلپمنٹ لیڈرشپ کے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ آفس میں پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کا 24 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ابراہیم حسن مراد، سیکرٹری ٹرانسپورٹ، سیکرٹری فنانس اور پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 34

اور اس انٹرنیشنل فلائٹ میں تقریباً 150 افراد کی گنجائش ہے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف عمرے کی ادائیگی کیلئے کل لندن سے سعودی عرب روانہ ہوں گے جہاں تقریباً ایک ہفتہ قیام کے دوران وہ سعودی اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کریں گے، سابق وزیر اعظم سعودی عرب کا دورہ مکمل کر کے 17 یا 18 اکتوبر کو دبئی پہنچیں گے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف کی دبئی میں بھی کئی ملاقاتیں طے ہیں، وہ دبئی میں 3 دن قیام کے بعد 21 اکتوبر لاہور کیلئے روانہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف 21 اکتوبر کو پاکستان جانے کیلئے دبئی سے لیگی کارکنوں اور صحافیوں کے ساتھ روانہ ہوں گے، خصوصی پرواز دبئی سے اسلام آباد پہنچ کر آدھے گھنٹے بعد لاہور کیلئے اڑان بھرے گی جہاں سابق وزیر اعظم مینار پاکستان پر جلسے سے خطاب کریں گے۔

بقیہ 35

اسٹورز سمیت حکومتی اداروں کو لیز پر دینے یا فروخت کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ کہ پبلک اسٹورز کو نجی شعبے کے حوالے کیا جائے اور بی آئی ایس پی بجٹ بڑھایا جائے۔ وزارت اینٹرسٹریز نے مختلف تجاویز دیتے ہوئے کہا کہ حکومتی ملکیتی اداروں کی سربراہی معاشی صورتحال میں معیشت کیلئے نقصان دہ ہے، پبلک اسٹورز کو ختم یا نجی شعبہ کے حوالے کیا جائے۔ نگران حکومت نے پبلک اسٹورز کی نجکاری یا ختم کرنے پر آئی ایم ایف کو فی الحال جواب نہیں دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پبلک اسٹورز ختم کر کے بی آئی ایس پی کا سالانہ بجٹ بڑھانے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ ذرائع انڈسٹریز پروڈکشن نے بتایا ہے کہ وزارت صنعت و پیداوار پبلک اسٹورز کیلئے کسی نتیجے پر نہیں پہنچی، نگران حکومت کے دوران پبلک اسٹورز کا حتمی فیصلہ کرنا مشکل ہے۔

بقیہ 36

علاقوں میں ادا کر دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر رضا علی شہید کی نماز جنازہ پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی علاقے سرگودھا میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں شہید کے اہلخانہ، عزیز و اقارب، پاک فوج کے افسران، عمائدین علاقہ اور لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ حوالدار نثار احمد کی نماز جنازہ ان کے آبائی علاقے وہاڑی میں ادا کی گئی جس میں اہلخانہ، عزیز و اقارب، پاک فوج کے افسران اور عمائدین علاقہ نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فوج کے بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، مادر وطن سے دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے تک ہماری یہ جنگ جاری رہے گی۔

بقیہ 37

راشد ارشاد، ڈائریکٹر جنرل پنجاب ڈرگز ڈاکٹر سہیل، ایم ڈی چلڈرن ہسپتال لاہور پروفیسر ڈاکٹر ٹیپو سلطان، ڈاکٹر پرویز اور ایم ایس جنرل ہسپتال لاہور ڈاکٹر ندرت سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ نگران وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے اجلاس کے دوران سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن راشد ارشا

سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانے والا کوئی نہیں

شلجم اور ٹینڈے بھی نایاب ہوگے روزمرہ کے استعمال کی سبزیاں متواسط طبقے کی پہنچ سے باہر

گراں فروشی عروج پر پرائس مجسٹریٹس کہیں نظر نہیں آتے غریب جائے تو جائے کہاں شہری حلقے

گوجرخان (قمرشہزاد) بھاری بھرکم بلوں کے بوجھ تلے دبے عوام پر سبزیوں کے آسمان کو چھوتے ریٹ قہر بن کر ٹوٹنے لگے دیہاڑی دار مزدور طبقہ دووقت کی روٹی پوری کرنے سے قاصر ہوشربا مہنگائی کی وجہ سے فاقہ کشی پر مجبور متواسط طبقہ بری طرح متاثر مہنگائی کے ستائے عوام انتظامیہ، مارکیٹ کمیٹی، اور پرائس مجسٹریٹس پر پھٹ پڑے تفصیلات کے مطابق گوجرخان میں سبزیوں کے ریٹس آسمان کو چھونے لگے مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے جاری سرکاری ریٹ لسٹ پر سبزیوں کے انتہائی مہنگے دام ہونے کے باوجود سرکاری ریٹ لسٹ پر کوئی بھی سبزی دستیاب نہیں متواسط دیہاڑی طبقہ بری طرح متاثر شہری سبزیوں کے انتہائی مہنگے نرخوں پر پھٹ پڑے شہریوں نے اپنے تحفظات (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی پولیس لائنز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس (بقیہ نمبر 13)

سرگودھا، تجاوزات کیخلاف آپریشن درجنوں دوکانیں سیل

سابق رکن قومی اسمبلی کے پھوپھا سمیت تاجروں کو بھاری جرمانیں

سرگودھا (ظہور حسین سے) سرگودھا شہر میں تجاوزات کیخلاف آپریشن درجنوں دوکانیں کو سیل کر دیا گیا جبکہ سابق رکن قومی اسمبلی کے پھوپھا سمیت تاجروں کو بھاری جرمانہ کے دکانوں کو ڈی سیل کئے جانے لگا تاہم انتظامیہ نے 13 اکتوبر سے بازاروں کے ساتھ گلی محلوں میں گرینڈ آپریشن کی تیاریاں مکمل کر کے پولیس سے مدد طلب کر لی (بقیہ نمبر 2)

مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز یونین کونسلوں کے چیئرمینوں سے خطاب کر رہی ہیں

پٹریاٹہ چیئر لفٹ پر خصوصی انتظامات کیے جائیں گے

شیخ محمد منیر نے پٹریاٹہ چیئر لفٹ مری ریجن کے منیجر کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھال لیں

راولپنڈی (این این آئی) شیخ محمد منیر نے پٹریاٹہ چیئر لفٹ مری ریجن کے منیجر کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ سابق منیجر اعجاز احمد بٹ کی ریٹائرمنٹ کے بعد شیخ محمد منیر کو پٹریاٹہ چیئر لفٹ کا منیجر مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے اعجاز احمد بٹ بحیثیت منیجر پٹریاٹہ چیئر لفٹ ذمہ داریاں سرانجام دے رہے تھے۔ چارج سنبھالنے کے بعد شیخ محمد منیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پٹریاٹہ چیئر لفٹ حسب معمول (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی بورڈ انٹرمیڈیٹ پارٹ ون (سالانہ) کے نتائج کا اعلان

کامیابی کا تناسب 43.66 فیصد رہا، پروفیسر ساجد محمود فاروقی

راولپنڈی (این این آئی) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی نے امتحان انٹر میڈیٹ پارٹ ون (سالانہ 2023) کے نتائج جاری کردیئے گئے۔ منگل کو کنٹرولر امتحانات پروفیسر ساجد محمود فاروقی نے کنٹرولر آفس میں نتائج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ امتحان انٹر میڈیٹ پارٹ ون (اینول) 2023 میں 65400 امیدواران نے داخلہ بھجوایا جبکہ 63892 امیدواران شامل امتحان ہوئے۔ مذکورہ امتحان میں 25625 طلبا جبکہ 38267 طالبات شامل امتحان ہوئیں۔ (بقیہ نمبر 7)

اے سی گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا THQ ہسپتال گوجرخان کا دورہ کر رہے ہیں

اے سی گوجرخان مراد حسین کا THQ ہسپتال کا دورہ

ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ، ڈاکٹر عمر فاروق، ڈاکٹر عامر نے تمام وارڈز کا تفصیلی معائنہ کروایا

مریضوں سے فردا فردا مل گورنمنٹ کی جانب سے ملنے والی سہولیات کے متعلق دریافت کیا تمام تر انتظامات کو تسلی بخش پایا

گوجرخان (قمرشہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا تفصیلی دورا کیا ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر فرحت جمیلہ، اے ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق اور ڈاکٹر عامر نے انکو ہسپتال کا تفصیلی وزٹ کروایا اے سی گوجرخان نے ڈینگی وارڈ، سمیت تمام وارڈز کا وزٹ کیا اور مریضوں سے فردا فردا مل گورنمنٹ کی جانب سے ملنے والی سہولیات کے متعلق (بقیہ نمبر 8)

شہباز شریف اور مریم نواز میرے لیڈر نہیں، شاہد خاقان عباسی

نواز شریف کے استقبال کے لئے قافلہ لے کر استقبال کیلئے نہیں جاؤں گا

اسلام آباد (اے ایف بی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما شاہد خاقان عباسی نے مریم نواز کی کھل کر مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہباز شریف اور مریم نواز میرے لیڈر نہیں۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما شاہد خاقان عباسی نے نجی ٹی وی چینل میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز نے پارٹی کی باگ ڈور سنبھالی تو ہم جیسے لوگ (بقیہ نمبر 9)

فیض آباد پل پر ڈمپر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا

باپ بیٹا موقع پر جاں بحق، بیٹی شدید زخمی، ڈمپر ڈرائیور موقع سے فرار

اسلام آباد (این این آئی) فیض آباد پل پر ڈمپر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا جس کے نتیجے میں باپ بیٹا موقع پر جاں بحق اور بیٹی شدید زخمی ہوگئی۔ حادثہ فیض آباد پل کے اوپر آئی جے پی روڈ والی سائیڈ پر حادثہ پیش آیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق موٹر سائیکل سوار تین افراد کو تیز رفتار ڈمپر نے کچل دیا جس کے نتیجے میں باپ اور بیٹا موقع پر جاں بحق اور بیٹی شدید زخمی ہوگئی۔ شاہد ثاقب اور اس کا دس سالہ بیٹا موقع پر جاں بحق ہوئے۔ لاشوں اور 6 سالہ زخمی بچی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ڈمپر ڈرائیور ڈمپر کو لیکر موقع سے فرار ہوگیا۔

موٹر سائیکل چور گینگ کا سرغنہ 2 ساتھیوں سمیت گرفتار

گرفتار ملزمان میں عبدالرزاق، محمد بابر اور ذوالقرنین شامل ہیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، چوری شدہ 07 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عبدالرزاق، محمد بابر اور ذوالقرنین شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 07 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین (بقیہ نمبر 1)

مبارکباد

ڈاکٹر ذاکر خان

کوتر کی سے پی ایچ ڈی مکمل کرنے کے بعد ملک کی خدمت کے لیے واپس آ کر اپنی خدمات بطور اسسٹنٹ پروفیسر رفا یونیورسٹی میں انجام دینے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

منجانب: عمیر الیاس

شیخ رشید کی بازیابی کیلئے آر پی او راولپنڈی کو مزید 8 دن کی مہلت مل گئی

راولپنڈی (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کی بازیابی کے لیے آر پی او راولپنڈی کو مزید 8 دن کی مہلت دے دی۔ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کی حراست کے خلاف دائر درخواست پر سماعت جسٹس صداقت علی خان نے کی، آر پی او راولپنڈی سید خرم علی عدالت میں پیش ہوئے۔ ایڈووکیٹ سردار عبدالرازق خان نے عدالت سے کہا کہ 24 دن گزر (بقیہ نمبر 3)

پتوکی، دو کم عمر بچے اغوا، پولیس نے نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا

پتوکی (این این آئی) تھانہ سٹی پتوکی کے علاقہ سے دو کم عمر بچے اغوا پولیس نے نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا۔ تھانہ سٹی پتوکی کے علاقہ پرانی منڈی کے رہائشی طالب حسین نے پولیس کو بتایا کہ میں پتوکی قصور والا اڈا میں اپنی نواسی دس سالہ شکیلہ بی بی، نو سالہ نواسے افضال کیساتھ موجود (بقیہ نمبر 4)

منشیات برآمد، 4 خواتین سمیت 5 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے تازہ انسداد منشیات کارروائیوں کے دوران 31 کلو 200 گرام منشیات برآمد کر کے 4 خواتین سمیت 5 ملزمان گرفتار کر لیے۔ اے این ایف ترجمان کے مطابق 26 نمبر چونگی کے قریب مسافر بس میں سوار خواتین کے ذریعے منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنائی گئی۔ دوران کارروائی لاہور، کراچی، کوئٹہ اور پشاور کی رہائشی 4 خواتین گرفتار کی گئیں۔ گرفتار 4 خواتین سے مجموعی طور پر 30 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ تیسری کارروائی میں چارسدہ (بقیہ نمبر 6)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

مسروقہ رقم اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صادق آباد پولیس کی کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 27 ہزار 700 روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان عبداللہ اور احمد اقبال کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے مسروقہ رقم 27 ہزار 700 روپے اور وارداتوں میں (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان صادق آباد پولیس کی حراست میں

نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری

13 گھروں، 15 دوکانوں اور 40 افراد کے کوائف چیک کیے گئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) روات پولیس کا بگا شیخاں اور گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن کے دوران گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دوکانوں اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے بگا شیخاں اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس، لیڈیز پولیس سمیت (بقیہ نمبر 15)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف 4 ملزمان گرفتار

اسلحہ و ایمونیشن برآمد، الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ و ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے ملزم اخلاق سے رائفل MP5 معہ ایمونیشن، دھمیال پولیس نے ملزم جعفر سے ملزم جہانزیب سے 1070 گرام چرس، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم نعیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائن پولیس نے ملزم سراج (بقیہ نمبر 16)

غزہ پر بمباری، 140 بچوں سمیت شہدا کی تعداد 700 سے متجاوز

اچانک حملے کے بعد سے اسرائیلی فوج اب تک سنبھل نہیں پائی ہے

تل ابیب (اے ایف پی) حماس کے طوفان الاقصیٰ آپریشن میں اسرائیلی ہلاکتوں کی تعداد 900 ہوگئی جب کہ غزہ پر 4 روز سے جاری بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 700 سے تجاوز کرگئی جن میں 140 بچے بھی شامل ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعے اور ہفتے کی درمیانی شب حماس کے اچانک حملے کے بعد سے اسرائیلی فوج اب تک سنبھل نہیں پائی ہے۔ مختلف جھڑپوں میں ہلاک ہونے والے (بقیہ نمبر 17)

ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور سمیت میں انسداد سموگ کیلئے دفعہ 144 نافذ

بغیر چھت ڈھانپے شہر سے گزرنے والی ٹرالیوں کے خلاف بھی کارروائی ہوگی

لاہور (اے ایف بی) لاہور سمیت ڈویژن بھر میں انسداد سموگ کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ کمشنر لاہور کی ہدایات پر انسداد سموگ کیلئے لاہور سمیت پوری ڈویژن میں دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے۔ دفعہ 144 نافذ ہونے کے بعد بغیر چھت ڈھانپے شہر سے گزرنے والی ٹرالیوں کے خلاف بھی کارروائی ہوگی جبکہ میونسپل ویسٹ کی جانب سے ٹائرز، پولی تھن، سالڈ ویسٹ، ربر، لیدر کی اقسام کو جلانے پر قانونی کاروائی ہوگی۔ دفعہ 144 کے تحت فصلوں یا فصلوں کی باقیات جلانے پر مالک اور ٹھیکیدار کیخلاف قانونی کاروائی کی جائیگی۔

راولپنڈی، پینشن رولز ترمیم کے خلاف سرکاری ملازمین کمشنر آفس میں احتجاج کر رہے ہیں

جہاں آرا ٹوسوشل پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب کی چیئرپرسن مقرر

لاہور (اے ایف بی) جہاں آرا ٹو کو سوشل پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب کی چیئرپرسن مقرر کردیا گیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جہاں آرا وٹو کو سوشل پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب کی چیئرپرسن مقرر کردیا جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ جہاں آرا وٹو سابق وزیراعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد وٹو کی صاحبزادی ہیں۔

اڈیالہ جیل حکام کا عمران خان کی بیٹوں سے فون پر بات کروانے سے انکار

اسلام آباد (پینانیوز) اڈیالہ جیل حکام نے عمران خان کی بیٹوں سے فون پر بات کروانے سے انکار کردیا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ عدالت میں چیئرمین پی ٹی آئی سے بیٹوں کی ٹیلی فون پر گفتگو کروانے کے کیس کی سماعت ہوئی، جس میں سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی کی بیٹوں سے فون پر بات کروانے سے انکار کرتے ہوئے عدالت کو بتایا گیا کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت گرفتار ملزمان کی بیرون ملک (بقیہ نمبر 10)

عمران کسی بھی طرح سائفر کیس میں بچتے نظر نہیں آرہے ہیں، تجزیہ کار

کراچی (بیورو چیف) سائفر کیس چیئرمین پی ٹی آئی کیلئے توشہ خانہ سے زیادہ مشکلات بڑھا سکتا ہے؟ تجزیہ کاروں نے کہا کہ عمران خان کسی بھی طرح سائفر کیس میں بچتے نظر نہیں آرہے ہیں، سائفر کیس میں جو الزامات لگائے گئے ان میں تین سے چودہ سال تک کی سزا ہوسکتی ہے۔ تجزیہ کاروں نے کہا کہ عمران خان کسی بھی طرح سائفر کیس میں بچتے نظر نہیں آرہے ہیں، سائفر کیس میں ایف آئی اے کے چالان نے عمران خان کو باندھ کر رکھ دیا ہے۔

سرگودھا میں نوجوان امام مسجد کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں صبح سویرے آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل نوجوان امام مسجد کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور ملزمان فرار ہوگئے۔ پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا شہر کے علاقہ جناح کالونی کے نوجوان امام مسجد قاری محمد رضوان علی قریشی صبح سویرے حسب معمول ایڈن گارڈن سکیم کے سامنے واقع مسجد سے نماز فجر پڑھا کر موٹر سائیکل پر واپس گھر آرہے تھے

اے سی میاں مراد حسین کا اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ، سائلین کے مسائل سنے

سروس سنٹر انچارج اور ADLR کو عوام الناس کو ترجیحی بنیادوں پر سروس فراہم کرنے کی ہدایات

ٹاؤٹ مافیا کا آراضی سنٹر میں داخلہ سختی سے منع تمام آنے والے سائلین کے جائز کاموں کو فی الفور حل کیا جائے

گوجرخان (قمرشہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے گوجرخان آراضی ریکارڈ سنٹر کا دورا کیا اور سائلین سے فردا فردا مل کر ان کو دی جانے والی سروسز کے متعلق دریافت کیا انھوں نے ٹوکن کا ڈسٹرکٹ شکایت بوتھ ٹیلی فون کو بھی چیک کیا تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نیکوکارہ کا آراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ انھوں نے ریکارڈ سنٹر میں آئے لوگوں (بقیہ نمبر 20)

نجکاری کے خلاف شہر بھر میں سکولوں میں تالا بندی شروع

راولپنڈی (این این آئی) سرکاری سکولوں کی نجکاری کے خلاف شہر بھر میں سکولوں میں تالا بندی شروع، صبح بچوں کو واپس سکول سے گھر بھیج دیا گیا۔ ایم سی بوائز ہائی سکول سیٹلائٹ ٹاؤن کے طلباء نے نجکاری مسترد کر دی، طلباء نے چیف جسٹس آف پاکستان اور آرمی چیف سے نجکاری روکنے کا مطالبہ کیا۔ طلباء نے کہا کہ والدین رکشہ چلا کر مزدوری کر کے ہمیں سرکاری سکولوں میں پڑھا (بقیہ نمبر 21)

طلبا کو اوریکل سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازمی ہے، ڈاکٹر عمر سیف

آئی ٹی ادارے ایک سال کی انٹرن شپ کا بندوبست کریں گے

اسلام آباد (پینانیوز) نگران وفاقی وزیر ڈاکٹر عمر سیف نے کہا ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ میں کارآمد افرادی قوت کی فراہمی کے لئے طلبا کو اوریکل سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازمی ہوگا، آئی ٹی کی تعلیم دینے والے ادارے ایک سال کی انٹرن شپ کا (بقیہ نمبر 22)

عطاالرحمٰن کی بیٹی نے پریپ ون میں نمایاں پوزیشن

فجر فاطمہ نے پریپ ون میں 70 نمبر حاصل کر کے والدین کا سر فخر سے بلند کردیا

حبیب آباد (نمائندہ عوامی للکار) عطاالرحمٰن کی بیٹی نے پریپ ون میں نمایاں نمبر حاصل کر کے والدین اور اساتذہ کا سر فخر سے بلند کر دیا تفصیلات کے نیو انصلی پبلک سکول نے نتائج کا اعلان کر دیا جس میں عطاء الرحمٰن کی ننھی بیٹی فجر فاطمہ نے پریپ (بقیہ نمبر 23)

عطاءالرحمٰن کی ہونہار بیٹی فجر فاطمہ اپنے فرسٹ پرائز کے ہمراہ

نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ 16 اکتوبر کو چین جائینگے

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ 16 اکتوبر کو چین روانہ ہوں گے اور یہ دورہ بہت اہم ہوگا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ 17 اور 18 اکتوبر کو تیسرے بیلٹ اینڈ روڈ فورم میں شرکت کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق نگراں وزیر اعظم کے دورے کے موقع پر سی پیک کے تحت 15 معاہدے اور ایم او یوز پر دستخط کیے جانے کا امکان ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اس دوران 6.67 ارب ڈالرز (بقیہ نمبر 24)

رہ جانیوالے بچوں کو پولیو ویکسین پلا رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد

والدین اپنے بچوں کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائیں اور پولیو سے محفوظ پاکستان بنائیں، عرفان نواز میمن

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، مجسٹریٹس، محکمہ صحت، سول ڈیفنس کی ٹیموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز جاری پولیو مہم میں پولیو کے قطروں سے رہ جانے والے بچوں کو اولین ترجیحات کی بنیاد پر پولیو ویکسین پلا رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ جتنے بچے پولیو مہم کے دوران موجود نہیں تھے ان کو ترجیح میں رکھا جائے تاکہ ان کو انسداد پولیو کی ویکسین پلائی جا سکے اور دیگر عوامل پر ضرورت ہدایات جاری کی، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد (بقیہ نمبر 25)

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر خالد محمود قاسم علی شاہ کو سوونیئر پیش کر رہے ہیں

چار افراد نے جائیداد تنازعہ میں گلے میں پھندا ڈال کر نوجوان کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) چار افراد نے جائیداد کے تنازعہ میں گلے میں پھندا ڈال کر نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے پولیس نے ورثا کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ قتل درج کر لیا اور نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر کے مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق موضع مہیڑے میں جائیداد کے تنازعہ میں ظفر وغیرہ چار افراد نے گلے میں پھندا ڈال کر نوجوان ارشد کو قتل کر دیا۔ جس کے ورثا کی مدعیت میں پولیس نے دو نامزد چار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

سیکریٹری کشمیر افیئر زاینڈ گلگت بلتستان کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

بابر حیات کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے وفاقی سیکریٹری کشمیر افیئر زاینڈ گلگت بلتستان بابر حیات کو ہٹائے جانے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ عہدے سے ہٹانے کے بعد بابر حیات کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ یاد (بقیہ نمبر 26)

ہمارے ساتھ جو ہو رہا ہے اس کے پیچھے ن لیگ ہے

جو کچھ عثمان ڈار کے ساتھ ہوا وہ خواجہ آصف نے کرایا، اسد قیصر

لاہور (آئی آئی پی) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے سربراہ اسد قیصر کا کہنا ہے کہ ہمارے ساتھ جو ہو رہا ہے اس کے پیچھے ن لیگ ہے، جو کچھ عثمان ڈار کے ساتھ ہوا وہ خواجہ آصف نے کرایا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے سربراہ اسد قیصر نے اے آر وائی نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ہم کافی (بقیہ نمبر 27)

پنشن رولز میں ترمیم کے خلاف سرکاری ملازمین اور اساتذہ احتجاج کرتے ہوئے

موٹروے پولیس کی بروقت کاروائی گاڑی میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) موٹروے پولیس کی بروقت کاروائی گاڑی میں لگی آگ پر قابو پا لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق M-1 چارسدہ کے قریب موٹروے پولیس کو ہیلپ لائن 130 کے ذریعے اطلاع ملی کہ ایک گاڑی کو مدد کی ضرورت ہے، اطلاع پاتے ہی تین سے چار منٹ کے اندر موٹروے پولیس موقع پر پہنچ گئی تو دیکھا کہ گاڑی کے انجن میں شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ بھڑک اٹھی ہے۔ معاملے کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے فل (بقیہ نمبر 28)

علاقائی تنظیمیں مستحق بچوں کو اعلیٰ تعلیم سے مستفید کروائیں، محمد قمر گلفام

جنڈ مہلو گوجرخان کے رہائشی نوجوان کا منفرد اعزاز تعلیمی سفر کو خیر آباد کہنے 20 سال بعد BBA کی ڈگری حاصل کر لی

فرسٹ ڈویژن میں ڈگری حاصل کرنے کے پیچھے والدین، اساتذہ اور فلاحی سفر سے مستفید ہونے والے افراد کی دعائیں ہیں

گوجرخان (قمرشہزاد) جنڈ مہلو کے رہائشی اوورسیز پاکستانی سماجی شخصیت محمد قمر گلفام کا تعلیمی میدان میں منفرد اعزاز اپنے تعلیمی سفر کو خیر آباد کہنے کے عرصے دراز بعد دوبارہ شروع کر کے عرب امارات دبئی میں بیچلر آف بزنس ایڈمنسٹریشن کی ڈگری فرسٹ ڈویژن میں حاصل کر لی تفصیلات کے مطابق محمد قمر گلفام نے 20 سال قبل اپنے تعلیمی سفر کو خیر باد کہہ کر 15 سال سے خلیجی ملک متحدہ عرب امارات کی ریاست دبئی میں بسلسلہ روزگار مقیم ہیں نے جب اپنی فنی سفر میں تعلیمی کمی کو محسوس کیا تو اپنی عمر اور 20 سال کے تعلیمی وقفے کی قید و بند کو پس پشت ڈال کر 2020 میں تعلیمی سفر کا دوبارہ آغاز کرنے کی ٹھانی اور گزشتہ ہفتے BBA بیچلر آف بزنس ایڈمنسٹریشن کی ڈگری (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

لیڈی منشیات فروش سمیت 08 ملزمان گرفتار، 09 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، لیڈی منشیات فروش سمیت 08 ملزمان گرفتار، 09 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزمہ بخت بینہ سے 01 کلو 600 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم حسن سے 01 کلو 550 گرام (بقیہ نمبر 30)

سروا اسلامی سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 21.8 فیصد کر دیا گیا

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) حکومت نے قومی بچت کے سروا اسلامی سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 21.8 فیصد کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی بچت کے سروا اسلامی سرٹیفکیٹ کے نئے شرح منافع کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

یونٹ کے حساب سے بجلی کمپنیوں کے افسران کو پیسے ملیں گے

بجلی کمپنیوں افسران کو مفت بجلی نہیں، یونٹ کے حساب سے پیسے ملیں گے

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) سینیٹ کی کابینہ کمیٹی برائے توانائی نے بجلی کمپنیوں کے افسران کو مفت بجلی کی جگہ مالی سہولت دینے کی تیاری کر لی، بجلی کمپنیوں کے افسران کو مفت بجلی نہیں ملے گی بلکہ مفت یونٹ کے حساب سے پیسے ملیں گے، منظوری آئندہ اجلاس میں دیے جانے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق کابینہ کمیٹی برائے توانائی نے گریڈ 17 سے گریڈ 21 کے افسران کو ماہانہ مفت یونٹس کی فراہمی بند کرنے کی سفارش تیار کر (بقیہ نمبر 18)

رواں سال کا دوسرا اور آخری سورج گرہن 14 اکتوبر کو ہوگا

سورج گرہن کو رنگ آف فائر کا نام دیا گیا، چاند سورج کو اپنے پیچھے مکمل چھپا نہیں سکے گا

کراچی (این این آئی) رواں سال کا دوسرا اور آخری سورج گرہن 14 اکتوبر کو ہوگا۔ ماہرین فلکیات کے مطابق اس سورج گرہن کو رنگ آف فائر کا نام دیا گیا ہے اور اس دوران چاند سورج کو اپنے پیچھے مکمل چھپا نہیں سکے گا اس لیے سورج کا بیرونی حصہ ایسے دکھائی دے گا جیسے کوئی آگ کا چھلا ہو۔ محکمہ موسمیات کے مطابق سورج گرہن کا (بقیہ نمبر 19)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بارش کے موسم میں حفاظتی اقدامات پر عمل کریں

گیلے ہاتھوں سے گھر کی گھنٹی مت بجائیں

برقی آلات کے محفوظ استعمال کو یقینی بنائیں

بل بورڈ، درختوں اور بجلی کے کھمبوں کے قریب مت جائیں

کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی

فون: (08)9905-1605-(92+) info@psca.gop.pk

twitter.com/PSCAsafecities
facebook.com/punjabsafecities
instagram.com/punjabsafecities
youtube.com/PunjabSafeCitiesAuthority